جادو اور جنات
سے مکمل شرطیہ نجات
جنات کے عجیب وغریب اور پراسرار حالات اور طور طریقے۔
جنات وسحر سے محفوظ رہنے اور ان کو زیر کرنے کے تباہ کن مخفی ہتھیاروں کا ذکر۔
سحر وجادو کے ستائے ہوئے لوگوں کے لیے ایک آزمودہ تحفہ۔
مؤلف
روحانی جسمانی معالج پروفیسر حکیم حافظ عبدالرؤف
کراچی بک سٹی، اردو بازار لاہور
0333-8335011

نام کتاب	جادو اور جنات سے مکمل شرطیہ نجات
تالیف	روحانی وجسمانی معالج حکیم **حافظ عبدالرؤف**
ناشر	کراچی بک سٹی، اردو بازار لاہور
سن اشاعت	

ملنے کا پتہ

ادارہ العلم ریاض سوک سنٹر نوشہرہ — ادارۃ النور بنوری ٹاؤن کراچی

کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی — مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور

مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور — مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور

اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی — مکتبہ القرآن بنوری ٹاؤن کراچی

کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی — مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ

ادارۃ الرشید بنوری ٹاؤن کراچی — مکتبہ عثمانیہ راولپنڈی

مکتبہ رحمانیہ قصہ خوانی پشاور — مکتبہ لدھیانوی بنوری ٹاؤن کراچی

نیازی کتب خانہ اکوڑہ خٹک — مکتبہ امام محمد بنوری ٹاؤن کراچی

فہرست

باب ۱

باب ۲

باب ۳

باب ۴

باب ۵

باب ٦

باب ۷

انتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو اپنے والد محترم

حضرت مولانا حکیم حافظ

قاری محمد بلال صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(بانی ومہتمم مدرسہ دارالعلوم شفیعیہ لاہور)

اور والدہ محترمہ کے نام منسوب کرتا ہوں

جن کی دعاؤں اور توجہ سے میں یہ خدمت

سرانجام دینے کے قابل ہوا۔

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جادو ایک بہت ہی زیادہ فعل قبیح ہے جو کہ پہلے بھی ہوتا تھا اب بھی ہے اس میں قطعاً ایسی کسی بھی شخصیت کو نہیں دیکھا جاتا کہ خواہ کوئی افسر ہے، نواب، وزیر، بادشاہ، یا زندگی کے کسی بھی مسلک سے اس کا تعلق ہو اس کی کوئی بھی پرواہ نہیں ہوتی جس پر یہ گندا اور پلید عمل کیا جاتا ہے وہ اس سے متاثر ہو کر ہی رہتا ہے۔ اور اس کے اثرات تب تک چلتے رہتے ہیں جب تک اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے اور صحیح علاج تب ہی ہوگا جب تشخیص بالکل ٹھیک اور واضح طور پر ہوگی۔ علاج سے زیادہ اہمیت کا حامل پیشہ، مقصد یا کام سب سے پہلے مرض کی تشخیص کا ہوتا ہے اگر تشخیص میں کوئی کمی رہ جائے تو علاج بالکل ٹھیک نہیں ہوتا اور اگر مرض کی مکمل تشخیص کر لی جائے تو علاج نشانے پر تیر مارنے والے کے برابر ہوتا ہے اور ایک ہی جھٹکے میں جادو کو توڑ کر پاش پاش کر دیتا ہے۔ اس لئے اس کتاب میں نہایت ہی زبردست قسم کے نسخہ جات جادو کے مکمل اور کامیاب علاج کے نسخہ جات بالکل ٹھیک اور مکمل صحت کے ساتھ بیان کئے ہیں۔

روحانی وجسمانی معالج

حکیم حافظ عبدالرؤف

صاحبزادہ حضرت مولانا حکیم حافظ قاری محمد بلال صاحب رحمۃ اللہ علیہ

0300-4347214,0345-4190427

سحر اور جنات کے اثرات کا بیان

سحر:

سحر کے معنی لغت میں امر مخفی اور پوشیدہ چیز کے ہیں اور علمی اصطلاح میں ایسے عجیب وغریب امور کا نام ہے، جن کے وجود میں آنے کے اسباب نظر سے پوشیدہ ہوں۔ تفسیر کبیر میں امام رازی نے فرمایا ہے۔

اعلم أن لفظ السحر في عرف الشرع مختص بكل امر يخفى سببه ويتخيل على غير حقيقته. (تفسیر ابن کثیر)

لفظ سحر اصطلاح شریعت میں ایسے امر کے لئے مخصوص ہے جس کا سبب مخفی ہو اور وہ اصل حقیقت کے خلاف خیال میں آنے لگے۔

سحر کی حقیقت:

علمائے اہل سنت کی رائے ہے کہ سحر واقعی ایک حقیقت ہے اور مضرت رساں اثرات رکھتا ہے حق تعالیٰ نے اپنی حکمت اور مصلحت کاملہ کے پیش نظر اس میں اس طرح مضر اثرات رکھ دیئے ہیں جس طرح زہر یا دوسری نقصان رساں ادویات میں موجود ہیں، یہ بات نہیں ہے کہ سحر بذات خود قدرت الٰہی سے بے نیاز ہو کر موثر بالذات ہے، سحر کو موثر بالذات سمجھنا کفر خالص ہے۔

علامہ عماد الدین ابن کثیر نے لکھا ہے۔

وقال ابن كثير: (وقد ذكر الوزير أبو المظفر يحيى بن هبيرة بن محمد بن هبيرة رحمه الله في كتابه الإشراف على مذاهب الأشراف بابا في السحر فقال اجمعوا على ان السحر له حقيقة.

وزیر مظفر یحییٰ بن محمد بن ہبیرہ نے اپنی کتاب اشراف فی مذاہب الاشراف

میں ایک باب سحر کے متعلق بھی لکھا ہے اس میں انہوں نے بیان کیا ہے کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ سحر کی بھی حقائق کی طرح ایک حقیقت ہے۔

سحر کے احکام:

فقہائے اسلام نے سحر کے متعلق تصریح کی ہے، کہ جن اعمال میں شیاطین ارواح خبیثہ اور غیر اللہ سے استعانت کی جائے اور ان کو حاجت روا قرار دے کر منتروں کے ذریعہ ان کی تسخیر سے کام لیا جائے تو وہ شرک کے مترادف ہے، اور اس کا عامل کافر ہے اور جن اعمال میں ان کے علاوہ دوسرے طریقے استعمال کئے جائیں اور ان سے دوسروں کو نقصان پہنچایا جائے ان کا مرتکب حرام اور گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: ''مہلک باتوں سے بچو یعنی شرک اور جادو سے۔ (بخاری)

علامہ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں لکھا ہے۔

قال نووي في شرح مسلم: "عمل السحر حرام، وهو من الكبائر بالإجماع، وقد يكون كفرًا وقد لا يكون كفرًا، بل معصية كبيرة فان كان فيه قول أوفعل يقتضي الكفر كفر والافلا وأما تعلمه وتعليمه فحرام. (فتح الباري)

علامہ نووی کہتے ہیں کہ عمل سحر حرام ہے اور وہ بالاجماع کبائر میں سے ہے اور حضور ﷺ نے اس بات کو سات مہلک چیزوں میں شمار کیا ہے اور سحر کی بعض صورتیں کفر ہیں اور بعض کفر تو نہیں ہیں، مگر سخت معصیت ہیں، پس اگر سحر کا کوئی منتر یا کوئی عمل کفر کا مقتضی ہے تو وہ کفر ہے ورنہ نہیں، بہرحال سحر کا سیکھنا اور سکھانا قطعاً حرام ہے۔

یہ سب طلسمات نمرود کے دارالسلطنت بابل میں موجود تھے۔ اس فن کے علماء کا بیان ہے کہ سحر کی یہ قسم بہت ہی مشکل ہے، اس کے حاصل کرنے میں سخت سے سخت مشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اتنی بات ضرور ہے کہ اس علم کا عامل اپنے علمی کمالات سے وہ وہ امور خارق عادات لوگوں کو دکھاتا ہے، کہ جن کو عقل، وہم بھی سمجھنے سے قاصر ہے مال وجاہ اس تمام ارواح عالم کی تسخیر ہوتی ہے۔ جن مریض کو طبیب سال بھر میں صحتیاب نہیں کرسکتے۔ اس جادو کا جاننے والا اسے منٹوں میں درست کرسکتا ہے۔ وغیرہ ذالک۔

اس قسم کا سحر بلاشبہ کفر ہے اس لئے کہ اس سحر کی پندرہ شرطیں ہیں۔ جن میں سے چند ایک شرائط یہ ہیں۔

ارواح کو دلوں کے حالات پر مطلع ہونے کا یقین ارواح کے متعلق ذرا بھی بدعقیدگی پیدا ہوگئی تو سارا کام بنا بنایا بگڑ گیا، روحانیات کو سب کی تسخیر میں سب سے پہلا عمل قمر کا ہے قمر کی دعوت میں یہ الفاظ پڑھے جاتے ہیں۔

ايها الملك الكريم والسيد الرحيم مرسل الرحمة ملزل النعمة.

عطارد کی دعوت میں یہ الفاظ پڑھے جاتے ہیں۔

كل حامل لى من خير فهو منك وكل مايندفع من المشر متى فهو منك.

اسی طرح یہ الفاظ بھی کہتے جاتے ہیں۔

ايها السيد الفاضل الناطق العالم عقب انت الامور المطلع على السرير على هذا القياس.

کواکب کی دعوت میں یہ الفاظ واقوال صاف طور پر اسلام اور توحید کے منافی ہیں۔

کلدانی اور یونانی سحر میں فرق:

یہاں یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ اہل بابل ہاروت ماروت کی تعلیم کے مطابق

تسخیر روحانیات علویہ وسفلیہ وجسمانیات وغیرہ وغیرہ کے ماہر تھے۔ مگر یونانیوں نے تسخیر روحانیات علویہ پر اکتفا کی ان کا خیال تھا کہ روحانیات علویہ کی تسخیر کے بعد روحانیات غیبیہ کی تسخیر کی ضرورت نہیں۔

ہندوستان میں کون سا سحر رائج ہے:

تاریخ کی کتابیں بتاتی ہیں کہ قدیم ہندوستان میں سحر بابل کا رائج تھا، متقدمین ہندوستانی روحانیات کی تسخیر پر زور دیتے تھے۔

سحر کی دوسری قسم:

سحر کی دوسری قسم جن وشیاطین کی تسخیر ہے سحر کی یہ قسم پہلی قسم سے بہت زیادہ سہل الحصول ہے، ہندوستان میں سحر کی یہ قسم کثرت سے رائج ہے، اس قسم میں جوگی، ہنومان، وغیرہ کی دہائیاں دے کر اور ان کے استھانوں پر خوشبو اور بھینٹ وغیرہ چڑھا کر کام لیا جاتا ہے۔

سحر کی تیسری قسم:

تسخیر ارواح ہے کسی قوی یا قوی جثہ مردہ کو تلاش کر کے یہ الفاظ پڑھ کر جن میں بڑے بڑے شیاطین کا ذکر ہوتا ہے اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں آخر کار اپنے تابع اور مسخر کر لیتے ہیں، اور اس طرح سے مشکل دور کرا کر کام لیتے ہیں۔ سحر کی اس قسم میں عام طور پر ارواح خبیثہ ہی کام آتی ہیں، چونکہ اس عمل میں خباثت کے ساتھ اختلاط ہوتا ہے، اس لئے شرعاً سحر کی یہ قسم بھی ممنوع ہے۔

سحر کی چوتھی قسم:

سحر کی ایک قسم یہ ہے کہ معمولی سی قوت واہمہ بعض ارواح یا جنات کے ذریعے خراب کر دی جاتی ہے، معمول کو یا تو سامنے کی چیز نظر نہیں آتی، اور اگر نظر آتی ہے تو وہ نا ک

صورت میں، فرعون کے جادوگروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں اس قسم کے سحر سے بنائے ہوئے سانپ چھوڑے تھے۔

اس قسم کا سحر اگرچہ کفر نہیں چونکہ اس کو انبیاء علیہم السلام کے معجزات کے مقابلہ میں لایا جاتا ہے، حرام اور گناہ کبیرہ ہے، ظاہر ہے کہ اس قسم میں بھی ارواح سے استمداد کی جاتی ہے، اور ارواح خبیثہ یا جنات کے ناموں کی دہائی دی جاتی ہے اور ان کی حد سے زیادہ تعظیم کی جاتی ہے، اس لئے سحر کی یہ قسم بھی حرام ہے۔

سحر کی پانچویں قسم:

سحر کی ایک قسم نیرنگ ہے، اس قسم میں خاص اشیاء، عجیب عجیب نظارے لوگوں کو مشاہدہ کرائے جاتے ہیں۔

سحر کے متذکرہ بالا اقسام مثال یا نمونہ کے طور پر ذکر کئے گئے ہیں، تفصیلات کے لئے ایک دفتر درکار ہے، سحر کی پوری تفصیل چونکہ موضوع بحث سے خارج ہے، اس لئے سحر کی حقیقت پر روشنی ڈالنے کے لئے متذکرہ طور ہی کافی ہیں۔ اب آپ سحر سے پیدا شدہ امراض پر بھی نظر ڈالئے۔

سحر کے اثرات:

علامہ ابن الحاج تلمسانی تحریر فرماتے ہیں، کہ ایک غیر آباد مقام پر چھ دن ریاضت کرنے کے بعد بادشاہ جنات دہموش سے میری ملاقات ہوئی، دوران ملاقات میں کئی مسائل پر گفتگو ہوئی بادشاہ دہموش سے میں نے علامات سحر کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے مجھ سے خدا اور سلیمانؑ کی قسم دی کہ ان باتوں میں کبھی دروغ بیانی سے کام نہ لوں گا، مجھ سے کہا کہ سحر کی مثال ایسی ہے، جیسے کسی شخص کو حجرہ مسقف میں بند کر کے اس کے آگے دروازہ بند کر دیا جائے، ایسی حالت میں جب تک کہ اس حجرہ کا تالا نہ کھول دیا جائے باہر نکلنا ناممکن ہے، اور جب کسی انسان کے ہاتھ پاؤں میں کانٹا چبھ جاتا ہے تو اس کو تکلیف

محسوس ہوتی ہے یہ تکلیف اس وقت تک رفع نہیں ہو سکتی جب تک کانٹے کو نکال نہ دیا جائے۔

بادشاہ دہموش نے بتایا کہ سحر زدہ مریض کا سبب ذیل علامات سے پتا چلتا ہے۔

۱۔ سحر کی ایک قسم یہ ہے کہ میاں بیوی محبت پیار سے رہتے ہوں، یکایک مرد اپنی بیوی سے برگشتہ ہو جائے، اس مقصد کے لئے سحر کا عمل مرد کیلئے کیا جاتا ہے۔

۲۔ عورت اپنے شوہر کو بغض کی نظر سے دیکھنے لگتی ہے، اس سے پہلے اپنے شوہر پر عاشق زار ہوتی ہے، اس صورت میں سحر کا عمل عورت کیلئے کیا جاتا ہے۔ یا عورت اپنے شوہر کو صورت سے زیادہ حقیر اور مبغوض سمجھتی ہے اور اس کی نظر جس وقت بھی شوہر پر پڑتی ہے، وہ اس کو خنزیر یا کتا نظر آتا ہے۔

۳۔ عورت کو بیاہ شادی سے سحر کے ذریعہ روک دیا جاتا ہے، لوگ اس کے پاس نکاح کا پیغام لے کر آتے ہیں، مگر انکار مایوسی کے عالم میں واپس ہو جاتے ہیں۔

۴۔ کنواری لڑکیوں کا حیض آنا ہی بند ہو جاتا ہے جس سے رشتہ ہی نہیں ہوتا۔

۵۔ مرد اپنے گھر والوں، بیوی بچوں سے بغض کرنے لگتا ہے۔

۶۔ ایک قسم کا سحر بکریوں کے لئے کیا جاتا ہے، بکریوں کے بچے مر جاتے ہیں، دہموش نے کہا کہ سحر کا عمل راستہ میں ڈال دیا جاتا ہے تو جس بکری کی بطن میں وہ عمل آ جاتا ہے، اس کے بچے مر جاتے ہیں۔

۷۔ ایک خاص کا سحر چوپایوں کے لئے مخصوص ہے اس عمل سے چوپایوں کے گھوڑوں میں ایک خاص قسم کی تکلیف پیدا ہو جاتی ہے۔

۸۔ ایک قسم کا سحر بکری یا دودھ دینے والے جانوروں کے لئے کیا جاتا ہے یہ عمل براہ راست ان جانوروں کے رحم پر اثر انداز ہوتا ہے، بچہ اور بچھڑا ساقط ہو جاتا ہے۔

۹۔ ایک قسم کا سحر گائے کے لئے کیا جاتا ہے، کہ وہ کسی شخص کو اپنے تھنوں کو ہاتھ لگانے نہیں دیتی، دہموش کا بیان ہے کہ یہ عمل گدھے، گھوڑے اور خچر پر نہیں چلتا۔

۱۰۔ ایک عمل انسان کی اولاد کو مارنے کے لئے کیا جاتا ہے، سحر کرنے کے بعد اولاد مر جاتی ہے۔

۱۱۔ سحر کی ایک قسم انسان کے شیر خوار اور چھوٹے بچوں کے لئے ہے اس عمل سے دو شیاطین بچے کو بحیرہ قلزم کے پانی پلا دیتے ہیں، وہ بچے کی بیمار ہو جاتے ہیں، مر جاتے ہیں۔

۱۲۔ جاتی سنبلہ میں منگل یا جمعہ کے دن عورت کا پتلا بنا کر راستہ میں ڈال دیا جاتا ہے یہ پتلا جس عورت کے آنگن میں آجاتا ہے، اس کے پیٹ سے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں، لڑکا پیدا نہیں ہوتا، بادشاہ دہموش نے بتایا کہ اس عمل کے موکل مغرب اقصیٰ کی ایک بوٹی جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے عورت کو کھلا دیتے ہیں، اس بوٹی کی یہ تاثیر ہے، کہ نر اولاد کی پیدائش بند ہو جاتی ہے۔

۱۳۔ مرد کو اپنی بیوی کی طرف سے باندھ دیا جاتا ہے، وہ اپنی بیوی سے ہمبستری پر قدرت سے محروم ہو جاتا ہے۔

۱۴۔ نئی دلہن کے لئے بھی سحر کیا جاتا ہے، دلہن اپنے شوہر کو بری اور غصہ کی نظر سے دیکھنے لگتی ہے۔

۱۵۔ ایک قسم کا سحر عورتوں کے لئے مخصوص ہے، کہ وہ اپنے شوہر کی ہمبستری کو برا سمجھنے لگتی ہے۔

۱۶۔ مرد کے مفاصل (جوڑوں) میں یکا یک تکلیف پیدا ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ ایک قسم کا سحر ایسا ہے کہ عورت کے پیٹ اور سر میں پانی پیدا ہو جاتی ہے،

۱۸۔ ایک قسم کا سحر ایسا ہے کہ عورت کی شکل وصورت تبدیل ہو جاتی ہے۔

۱۹۔ عورت کے اولاد کی پیدائش بند ہو جاتی ہے، ماہواری آتی رہتی ہے مگر استقرار حمل نہیں ہوتا۔

۲۰۔ ایک قسم کا سحر ایسا ہے جس کے ذریعہ انسان کے جانور مویشی وغیرہ سب تلف ہو جاتے ہیں۔

۲۱۔ میاں بیوی میں تفریق پیدا ہو جاتی ہے۔

۲۲۔ گھر والوں میں محبت وخلوص نہیں رہتا، ایک دوسرے کو برا اور دشمن سمجھنے لگتے ہیں۔

۲۳۔ مرد یا عورت کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں، کہ وہ کسی علاج سے صحت یاب نہیں ہوتے۔

۲۴۔ ایک قسم کا سحر ایسا ہے جس سے میاں بیوی لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو جاتے ہیں۔

۲۵۔ مرد اپنے عہدہ اور مرتبہ سے تنزل پر آجاتا ہے۔

۲۶۔ مرد کے پاس کوئی مال و دولت نہیں رہتا، خالی ہاتھ ہو جاتا ہے۔

۲۷۔ ایک قسم کا سحر عورتوں کے لیے ایسا ہے، کہ وہ کسی ایک شوہر کے ہاں جم کر نہیں رہتیں، طلاق لیتی رہتی ہیں، اور لوگوں سے نکاح کرتی رہتی ہیں۔

۲۹۔ جو عورت صاحب جمال ہوتی ہے سحر کے ذریعہ اس کا حسن وجمال مسخ ہو جاتا ہے، اور وہ لوگوں کی نظروں سے گر جاتی ہے۔

سحر دو قسم کا ہوتا ہے:

ملک دہموش نے مجھے یہ بھی بتایا کہ سحر دو قسم کا ہوتا ہے، ایک قسم تو کتابت نقوش، طلسمات عزائم سے متعلق ہے، دوسری قسم سحر کی وہ ہے کہ اس فن کو جاننے والی عورتیں کسی دھاگے وغیرہ پر گرہیں لگا کر سحر کا کلام پڑھتی ہیں، ان دونوں صورتوں میں طلسمات یا سحر کے موکل اپنی مقررہ خدمت انجام دیتے ہیں، (شموس ... رموز الاسرار)

جن کے اثرات:

جنات چونکہ ہماری نظروں سے پوشیدہ ہیں، اس لئے نہ اس مخلوق کی صحیح تعداد کا علم ہو سکتا ہے، اور نہ اس قوم کے تفصیلی حالات ہی معلوم ہو سکتے ہیں، احادیث رسول کے

عفریت چشموں اور گڑھوں میں رہتے ہیں اور شیاطین شہروں اور مقبروں
دونوں جگہ آباد ہیں، اور طواغیت اسی جگہ جہاں خون پڑا ہو بودوباش رکھتے
ہیں، اور بعض تروابعہ ہوا میں رہتے ہیں، اور بعض بڑے بڑے شیطان آگ
کے قریب بودوباش رکھتے ہیں، اور بعض توقیف عفاریت یعنی وہ جنات جو
عورتوں کی شکل میں متشکل ہوتے ہیں بڑے بڑے درختوں کے پاس مقام
رکھتے ہیں اور باغات میں بھی اور بعض سیاہ ست پہاڑوں اور ویران مقامات پر
بودوباش رکھتے ہیں۔

جنات کی تمام قسموں میں اکثر افراد انسان مرد اور عورت کو ستایا کرتے ہیں۔ بعض
شیطان عفریت کی تو یہ حالت ہے کہ وہ انسان عورتوں پر شیدا اور فریفتہ ہیں اور وہ
انسان عورت کو اپنی بیوی بنانا بہت ہی پسند کرتے ہیں بعض شیطان انسان کی
پیدائش میں خلل انداز ہوا کرتے ہیں اور اعضاء کی ہیئت بگاڑ دیتے ہیں۔

اسماعیل کے اس قول سے جہاں جنات کے رہنے کے مقامات کا پتہ چلتا ہے،
وہاں ان کی مختلف اقسام اور ان کی مخصوص صفات وافعال پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

جنات انسانوں کو کیونکر ستاتے ہیں:

اسماعیل وزیر مذکور نے علامہ مغربی تمسانی کو انسانوں کو مختلف طریقوں سے ستانے
کی تفصیلات بھی بتائی ہیں، ذیل میں اسی تفصیل کا لب لباب درج ہے۔

۱۔ ایک صورت جن کے اثر یا ستانے کی یہ ہے کہ مرد یا عورت لڑکا یا لڑکی جن کے زیر
اثر ہوتے ہی بے ہوش ہو جاتا ہے، اور اس کی حالت مرگی کے مریض کی سی ہو جاتی ہے۔

۲۔ عفریت زوابع عام طور پر ان نئی دلہنوں کو ستایا کرتے ہیں، جو ایک دو دن کی بیاہی
ہوئی ہوتی ہیں، اور ان کی حالت مثل حالت مذکور ہو جاتی ہے۔

۳۔ شیطان عفریت عام طور پر میاں بیوی میں [illegible] ڈال دیتے ہیں۔

۴۔ شیاطین [illegible]
[illegible]

۵۔ میمون [illegible] جنات [illegible]
[illegible]

۶۔ یا کبھی شیطان عفریت حد سے [illegible]

۷۔ یہی مذکورہ بالا شیاطین گندمی رنگ کی متوسط [illegible]
ماردیتے ہیں جس سے بعض اوقات [illegible]
[illegible]
بھی [illegible] آتا ہے، کبھی ہاتھوں میں کبھی پیروں میں کبھی [illegible]
دوسرے حصے میں۔

۸۔ کبھی ایسا ہوتا ہے، کہ بادل میں اڑنے والا کوئی جن کسی عورت [illegible]
عورت کی ایذارسانی کا باعث [illegible]

۹۔ پانی کے رہنے والے عفریت بعض [illegible]
ہیں جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ عورت [illegible]
زور جبر کیا گیا تو اس کو سخت [illegible]

۱۰۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ وہ ہاتھوں، پیروں [illegible]
ہے، یا اپنے جسم کے کچھ [illegible]
کوئی احساس نہیں ہوتا، کبھی مریض [illegible]

باب نمبر 1

جادو سے متاثرہ مریضوں کی تشخیص کرنے کے مجرب ترین اعمال

اعمالِ روحانی تشخیص

روحانی تشخیص کرتے وقت عموماً صرف تین وجوہات ہی دیکھی جاتی ہیں: (۱) جادو، (۲) جنات (۳) جسمانی مرض

جب کہ ایک ماہرانہ روحانی تشخیص اس سے کہیں آگے ہوتی ہے۔ افسوس کہ اس بارے میں نہ ہی کتابیں موجود ہیں نہ ہی اس فن کے موجودہ اساتذہ اس طرف توجہ دیتے ہیں۔ اور نہ ہی اس فن کے سیکھنے والے طالب علم اس طرف توجہ دیتے ہیں۔

یہ بات بھی نہیں کہ ایسے طریقے موجود نہیں۔ بس توجہ کی ضرورت ہے۔ اور بار بار کر کے مہارت حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

کسی سائل کی تشخیص کرتے وقت ایک ماہرانہ تشخیص میں درج ذیل امور کو دیکھا جاتا ہے۔

نوعیتِ مرض:

(۱) روحانی (۲) جسمانی (۳) نفسیاتی

مریض کی تمام علامات لے کر عامل تشخیص کرتا ہے کہ کون سی علامات کا درج بالا تین قسموں میں سے کس سے تعلق ہے۔ پھر روحانی علامات کی تفصیل یقیناً جو کہ درج ذیل ہے:

روحانی امراض:

(۱) نظرِ بد (۲) جنات و آسیب (۳) شیاطین (۴) جادو (۵) حسد (۶) رجعت (۷) نحوست (۸) شامتِ اعمال

درج بالا تینوں قسموں کا علاج ایک بھی ہوسکتا ہے، اور فرق بھی۔ یہ مریض کی کیفیت پر منحصر ہے۔ بس پکڑ والے جادو کا علاج سب سے آسان ہوتا ہے، پھر انسانی جادو کا، سب سے مشکل جناتی جادو کا۔

(۵) حسد:

عرب عاملین کے ہاں باقاعدہ الگ قسم ہے۔ عربی میں اس کے علاج کے لئے عمل بھی دیئے گئے ہیں اور کتابیں بھی لکھی گئی ہیں۔ حسد دراصل نظرِ بد کی سخت ترین قسم ہے۔ نظرِ بد میں ضروری نہیں کہ تباہی یا بربادی کی نیت ہو۔ انسان کو اپنی بھی نظر لگ سکتی ہے، بچے کو ماں باپ کی بھی نظر لگ جاتی ہے۔ مگر حسد میں ہر صورت نقصان ہی کا ارادہ ہوتا ہے۔ اور اس پر ہمارے ہاں نہ کوئی تحقیق ہے، نہ ہی کوئی کتابیں، نہ ہی عاملین کو اس کا پتہ ہے۔

(۶) رجعت: اس سے مراد دو طرح لی جاتی ہیں۔

وظائف کی رجعت:

مریض یا عامل اپنے کچھ وظائف پڑھتا ہے۔ اس کو زیادہ وظائف کی وجہ سے رجعت شروع ہوجاتی ہے۔ بالکل ایسے ہی جیسے کسی مریض کو کسی دوائی سے ری ایکشن ہوجائے۔ اب وہ مریض اگر اس دوائی کا کثرت سے استعمال کرے گا تو اس مریض کا خانہ خراب نہیں ہوگا تو اور کیا ہوگا۔ اسی طرح عامل کو اپنے کلام کی رجعت بھی ہوجاتی ہے۔ پھر جب وہ کلام پڑھتا رہتا ہے۔ اس کی مثال بھی ویسی ہی ہوتی ہے کہ جس دوائی کا ری ایکشن ہوجائے، وہی دوائی کھائی جائے۔ اس رجعت کا علاج آسان ہے۔

علاج کی رجعت:

اس سے مراد یہ ہے کہ مریض نے کئی عاملین سے علاج کروایا۔ اب زیادہ علاج کروانے کی وجہ سے اس مریض پر بندشیں اور بیماریاں لگ گئیں۔ جیسے ایک مریض کئی

ڈاکٹروں سے علاج کروائے۔ بڑی ہائی پوٹینسی کی ادویات استعمال کرے۔ ایک وقت ایسا آئے گا کہ اس مریض کا معدہ شدید خراب ہوجائے تو ایسی حالت میں سونے کے کشتے بھی بے کار ہیں۔ ہومیوپیتھی میں ایک دوا نکس وومیکا کے نام سے ہے یہ دوا ایسے مریضوں کو دی جاتی ہے جن پر انگریزی ادویات کے برے اثرات ہوں۔ مریض چاہے کسی بھی مرض میں مبتلا ہو اور چلا رہا ہو، مگر اچھا ہومیو ڈاکٹر اس کو نکس وومیکا دیتا ہے تاکہ بد اثرات کا خاتمہ ہو اور وہ آئندہ دی جانے والی ادویات کا راستہ بنائے۔ اسی طرح عامل دیگر عاملین کے علاج کو صاف کرتا ہے تاکہ اس علاج کا راستہ بنے۔ اور یہ عموماً ان مریضوں کے ساتھ ہوتا ہے جن کو علاج بالکل کوئی فائدہ نہ دے رہا ہو۔ اس کی تشخیص اتنی آسان نہیں ہے۔

(۷) نحوست:

نجوم سے متعلق ہے کئی حضرات کا اس میں اختلاف ہے۔

(۸) شامتِ اعمال:

حقیقت میں تمام تکالیف ہی شامت اعمال کا نتیجہ ہیں۔ اس کی تشخیص کرنا اولیاء کا کام ہے۔

درج بالا تمام وجوہات کی تشخیص کرنا کوئی اتنا مشکل نہیں۔ مگر ہر کسی کو سکھایا بھی نہیں جاتا کیونکہ ہر کوئی اس کا اہل نہیں ہوتا۔

مریض پر دم کر کے تشخیص کرنے کے سلسلے میں درج ذیل ہدایات کی پابندی کریں:

* دم کرتے وقت مریض پاک، کپڑے بھی پاک ہوں۔ اگر باوضو ہو تو اچھا ہے، کوئی تعویذ نہ پہنا ہو۔
* جس مریض پر حاضری ہوتی ہو اس پر دم کرتے وقت احتیاط کریں کیونکہ کبھی کبھی

کرتے وقت حاضری بھی ہو جاتی ہے۔اس لئے اپنا حصار کر کے دم کریں۔

* یہ تشخیص صرف اور صرف اس مریض پر کارگر ہوتی ہے جس پر سحر الامراض یعنی بیمار کرنے والا جادو کیا گیا ہو یا پھر جسمانی اثرات شدید ہوں (چاہے جنات کے ہوں یا جادو کے)۔

عمل ۱:

مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر اس پر مندرجہ ذیل قرآنی دم کریں:

درود شریف	ایک بار
سورۃ الفاتحہ	سات بار (بوصل میم بسم اللہ)
درود شریف	ایک بار

* اگر مریض کے بدن پر بوجھ محسوس ہو یا مریض جھوم اٹھے تو آسیب کا اثر ہے۔
* اگر مریض کا جسم ہلکا محسوس ہو تو اثر جادو کا ہے۔
* اگر ان دونوں علامتوں میں سے کوئی ظاہر نہ ہو تو جسمانی مرض ہے۔

عمل ۲:

سورۃ الفاتحہ	بمعہ تسمیہ سات مرتبہ
آیت الکرسی	سات مرتبہ
سورۃ الکافرون	بمعہ تسمیہ سات مرتبہ
سورۃ الاخلاص	بمعہ تسمیہ سات مرتبہ
سورۃ الفلق	بمعہ تسمیہ سات مرتبہ
سورۃ الناس	بمعہ تسمیہ سات مرتبہ

دم کر کے مریض سے اس کے مرض کی کیفیت پوچھیں۔

* اگر مرض بڑھ جائے تو آسیب ہے۔

* اگر مرض کم ہو جائے تو جادو ہے۔

نوٹ:

درج بالا عملیات کی باقاعدہ زکوۃ ادا کروائی جاتی ہے تاکہ عامل حضرات جب تشخیص کریں تو اس کی تشخیص صحیح ہو اور مخالفین (جنات) دوران تشخیص غائب اور تشخیص کو خراب نہ کر سکیں۔ بغیر زکوۃ نکالے ان اعمال کو کرنا مناسب نہیں۔

کپڑا ناپ کر تشخیص کرنا

کپڑا ناپ کر تشخیص کرنے کے بارے میں مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

مریض کے پہنے ہوئے کپڑے کی تشخیص کرنا:

* مریض کے جسم کے اوپر والے حصہ کا کپڑا لیں یعنی مرد کا بنیان یا کرتہ وغیرہ اور عورت کی شمیز یا قمیض۔
* مریض کو ہدایات کریں کہ ایک رات کا پہنا ہوا کپڑا لے کر آپ کے پاس آئے۔
* مریض کپڑا اتار کر رکھے نہیں بلکہ ایک لفافے میں ڈال کر بند کرے اور ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر لفافے پر دم کر دے۔
* کپڑے کی پیمائش مریض سے یا اس کے حوالے سے جو آدمی آیا ہے اس سے کروائیں۔ کپڑے کی پیمائش خود نہ کریں تاکہ بدگمانی پیدا نہ ہو کہ عامل نے بالشت جان بوجھ کر چھوٹی بڑی کی ہے۔ جہاں مریض آپ پر اعتماد کرے وہاں تشخیص خود کریں۔
* پیمائش کے بعد نشان لگالیں۔ پھر دم کریں۔

اگر مریض دور ہو اور قمیض وغیرہ لانا ممکن نہ ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک فٹ لمبی

اور دو انچ چوڑی سفید کپڑے کی پٹی لے کر رات سونے سے پہلے مریض اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ پھر اگلے دن صبح کو اتار کر عامل کو ارسال کر دے۔

جگہ کی کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا:

جگہ کی تشخیص کا طریقہ یہ ہے کہ جس کمرے یا گھر کی تشخیص کرنا ہو تو ایک کپڑا لے کر اس کے چاروں کونوں میں رگڑیں اور کمرے کے درمیان میں رکھ دیں۔ ساری رات کپڑے رکھا رہے گا۔ صبح کو پھر چاروں کونوں میں کپڑا رگڑ کر عامل سے اس کی تشخیص کروائیں۔ غسل خانہ اور باتھ روم کی تشخیص کرنے کے لئے بھی یہی طریقہ ہوگا۔ بس کپڑا رات کو باتھ روم میں کسی اونچی جگہ پر رکھیں جو پاک ہو۔

پہنے ہوئے کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا

مریض کا ایک رات کا پہنا ہوا اوپری حصہ (بنیان، قمیض، یا شمیز) کا کپڑا لیں اور اس پر بالشت سے نشان لگائیں۔ پھر اس پر سات بار چہل کاف پڑھ کر دم کریں اور پھر ناپیں۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو اثر جنات کا ہے۔ کم ہو جائے تو جادو کا ہے۔ کچھ تبدیلی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔ جو نتیجہ نکلے اس کو نوٹ کر لیں پھر دوبارہ کپڑے پر دم کریں۔ مذکورہ اصول پر دوبارہ نتیجہ دیکھ لیں۔ اسی کے مطابق علاج کریں۔

کھلا کر تشخیص کرنا

* مرض کے متعلق معلوم کرنا مقصود ہو کہ روحانی ہے یا جسمانی تو نیم کے چار عدد پتے لے کر ہر ایک پتے پر یہ آیت ۳۔ ۳ بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلا دیں۔ آیت یہ ہے۔ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ۔
* اگر ذائقہ کڑوا ہے تو مرض بدنی ہے

* اگر ذائقہ نمکین ہے تو علامت سحر یا جادو ہے۔
* اگر ذائقہ میٹھا ہے تو اثر آسیب ہے۔

الٓمٓ، الٓمٓصٓ، الٓمٓرٰ

تین بار چینی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔

* اگر کڑوا ہو تو سحر ہے۔
* اگر زیادہ میٹھا ہو جائے تو سایہ ہے۔

نقش کے ذریعے تشخیص کرنا

آسیب و سحر و مرض کو معلوم کرنے کے لئے باوضو یہ نقش لکھے۔ اور یہ اسماء سات مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کر کے مریض کے ہاتھ پر رکھ دے۔ اور یہی اسماء سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر پھونک دے۔ اگر سحر (جادو) ہوگا تو سر اور کان (گوش) بھاری ہوں گے۔ اگر آسیب ہے تو مریض کا ہاتھ کانپے گا۔ اگر بدنی مرض ہے تو کچھ اثر نہ ہوگا اور مریض حسب حال رہے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

مَلْغَشْفًا مَلْغَشْفًا مَلْغَشْفًا مَلْغِتُهَا لَنَا تِنَا اَنَمْ عَلَقْ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُد عَلَيْهِ السَّلَام حاضرا بندبند شوند.

مریض کے داہنے بازو پر مریض کی بائیں بالشت رکھوا کر نشان لگائیں۔ پھر سات مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح تین بار دم کریں۔

اگر نشان بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔

اگر کم ہو جائے تو جادو کا اثر ہے۔

اگر برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

عامل اپنی بالشت بھی مریض کے بازو پر رکھ کر تشخیص کر سکتا ہے۔

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپیں۔ پھر دھاگے پر سات مرتبہ سورۃ المزمل (پ ۲۹) اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں اور دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔

- اگر کم ہو جائے تو سحر کا اثر ہے۔
- اگر بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔
- اگر دھاگہ قد کے برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

یہ عمل حضرت شیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کا ہے حضرت رحمہ اللہ حاجی امداد اللہ

مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ کے ہم عصر تھے۔

ایک کورہ سکورہ لے کر اس پر اس نقش کو لکھے اور سات مرتبہ مریض پر سے وارے۔

پھر آگ میں ڈالے اور آگ کو خوب روشن کرے۔

- اگر حروف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے۔
- اگر سرخ ہو جائے تو چڑیل کا اثر ہے۔
- اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب پری کا ہے۔
- اگر حروف سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے۔

نقش معظم یہ ہے۔

۵۱۸۳۱۱ع۹ح۴ع۳۴۱۱۱۲

اس نقش کو لکھ کر مریض پر سے وار کر آگ میں ڈال دے۔ نقش یہ ہے۔

للوط عوط
عوط للوط

- اگر حروف کا رنگ سفید ہو تو سحر ہے۔
- اگر حروف غائب ہوں تو زبردست جن کا اثر ہے۔
- اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب ہے۔
- اگر حروف سیاہ رہیں تو جسمانی بیماری ہے۔

پانی پر ذیل کے کلمات کو سات مرتبہ پڑھ کر پھونکیے اور جس مریض کی تشخیص کرنی ہو اسے پلائے۔ سحر زدہ ہونے کی صورت میں وہ پانی سخت قسم کا کڑوا ہو جائے گا۔ جس کے پینے سے سحر زدہ مریض انکار کر دے گا۔ جبکہ یہی پانی عام لوگوں کے لئے کسی قسم کی

ہو اور ذائقہ کے بغیر عام پانی کی طرح ہوگا۔ کلمات عمل یوں ہیں۔

نَهُوْا تَهُوْا بَهُوْا قَهُوْا حَيَا جَرْهَوْ تَيَاخَزْ يَا السِّحْرِ وَا لْوَسْوَاسِ مَهَاطُوْثُ قَهَافُوْثُ قَزْ هَزْ تَرُوْثًا آيَا جُنُوْدًا لْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ ضَرِيْرًا قَرِيْرًا سَرِيْرًا.

تشخیص امرض کا عجیب و غریب عمل

ذیل کا عمل مجھے ایک بزرگ صورت و سیرت درویش سے عطا ہوا تھا جسے میں نے آزمایا اور تجربہ کے بعد صحیح پایا ہے۔ اس عمل کی برکت سے مرض کے جسمانی یا روحانی ہونے کی نہایت آسان طریقہ سے تشخیص کی جا سکتی ہے۔

سات عدد تار نیلے یا سرخ سوت کے یکجا کر کے مریض کے سر کے بالوں سے پاؤں کے انگوٹھے تک بالکل صحیح کر کے ناپیں اور اس دھاگہ پر سات مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں اور دوبارہ ناپیں۔ مرض کے روحانی ہونے کی صورت میں یہ دھاگہ بحکم خدا ایک باشت تک بڑھ جائے گا۔ اس زائد حصے کو کاٹ دیں اور پھر عمل کرنے کے بعد ناپیں تو بھی یہ دھاگہ بڑھا ہوا ہوگا۔ اس عمل کو آپ جتنی بار دہرائیں گے۔ ہر بار دھاگہ میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ عجیب عمل ہے عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْأَرْوَاحِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ مِنْ كُنُوْزِ الْمَلِكِ بَحَقِّ مَيْمُوْنَ زَنْجِي وَبَحَقِّ مَيْمُوْنَ حَبْشِي اُخْرُجِ الْجِنِّ وَالْجِنِّيِّ وَاُخْرُجْ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يَاتَوْقَل قَوْقَلَانَ وَيَا هَرْقَلْ هَرْقَلَان يَا عَجُوْزِ اُقِرِ الصِّبْيَانِ خُذْ هٰذِهٖ بَحَقِّ تَوْرَاةِ مُوْسٰى وَبَحَقِّ اِنْجِيْل عِيْسٰى وَبَحَقِّ زَبُوْرِ دَاوٗدَ وَبَحَقِّ فُرْقَانِ حضرة محمد ﷺ.

تشخیص کرنے کا حیرت انگیز عمل

یہ جاننے کے لیے کہ مرض کا سبب جسمانی ہے یا آسیبی و سفلی؟ تو مریض کے دونوں ہاتھوں میں سرخ رنگ کا کوئی سا مناسب کپڑا دے دیں اور ذیل کے طلسماتی عمل کو اس کے ساتھ مسلسل تلاوت کر کے مریض پر دم کریں۔ چند ہی ساعتوں کے بعد مریض کے جسم پر ایک لرزہ سا طاری ہو جائے گا۔ اگر مریض کے مرض کا سبب آسیب ہے تو مریض کے کپڑے سے خوفناک قسم کے گریہ و بکاء کی آوازیں بلند ہونا شروع ہو جائیں گی اور آسیب عامل کے سامنے آ موجود ہوگا۔ جس سے مناسب شرائط طے کر کے اسے آزاد کر دیا جاتا ہے۔

عمل کے دوران اگر مریض کے کپڑے سے آگ کے شعلے بلند ہونے لگیں تو مرض کا سبب سفلی عملیات کے اثرات ہیں جو آگ کے نمودار ہونے کے ساتھ ہی مریض سے خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔

اگر گریہ و بکاء یا پھر خوفناک آگ کے شعلے بلند نہ ہوں بلکہ صرف مریض کا جسم ہی لرزہ میں رہے تو مرض کا سبب جسمانی ہے جس کی تشخیص کر کے مناسب علاج معالجہ تجویز کیا جا سکتا ہے۔ عمل یہ ہے۔

تشخیص کے اس عمل کے عامل کیلئے طہارت قلب کا پابند ہونا ضروری ہے۔ پختہ عزم کے ساتھ عمل کی نیت سے سب سے پہلے سات یوم تک ترک حیوانات کرے اور عروج ماہ میں اتوار کے دن غروب آفتاب کے بعد کسی تنہا مقام پر ذیل کے عمل کو سات سو مرتبہ روزانہ تلاوت کرے۔ عمل کی کل مدت سات یوم ہے۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَاصَاحِبَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ يَادَافِعَ السِّحْرِ وَالعَيْنِ يَابُرْهَانَ الْكَبِدِ وَالسِّرَاجِ يَاسَايِرَ الْحُكْمِ الْمُعَانِقَة اَخْبِرْنِي

يَانُورَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَامَالِكَ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ هَمِعِسٍ طَرْفَبَاشٍ عَلَمَطِشٍ يَاغَافِرَ الذُّنُوْبِ وَالسَّيِّئَاتِ يَاآفَتِي الدُّهُوْرِ وَالنَّشَاطِ جَمَدَفُوشٍ تَرْفُوطُوشٍ هَلْ عَمُوشٍ يَادَافِعَ الْغَضَبِ وَالْحُزُوْرِ حَرَقْتُ اَوْ يَابِكْتُ بِمَا سُلِّطَتْ عَلَى الْعَبْدِ يَازَارُ بِيشٍ بِعِزَّةِ وَالْعِرِيْتِ ضَبْعًا يَاجَمِيْعَ الْجِنَانِ وَالشُّرُوْرِ۔

نظر بد معلوم کرنے کا محیر العقول طریقہ

یہ بات اکثر دیکھنے میں آئی ہے کہ بعض اوقات انسان اچانک کسی ایسے مرض کا شکار ہو جاتا ہے جس کی نہ تو تشخیص ہی ممکن ہوتی ہے اور نہ ہی اس مرض کا ازالہ ممکن ہوتا ہے۔ روحانیت سے دلچسپی رکھنے والے احباب کے نزدیک ایسے مرض کا سبب نہ تو جسمانی ہوتا ہے اور نہ ہی آسیبی و سفلی بلکہ ایسا مریض نظر بد کا شکار ہو جاتا ہے۔ جس کا جلد اور صحیح علاج نہ ہونے کے باعث مرض علاج معالجہ کے باوجود شدت اختیار کرتا جاتا ہے۔ اس مرض کا شکار ہر شخص ہو سکتا ہے۔ خصوصاً بچے اور عورتیں اس مرض کا اثر فوراً قبول کر لیتی ہیں۔ نظر بد کا اثر معلوم کرنے کا ایک سو فیصد کامیاب طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ جسے آزما کر عجائبات خداوندی کا نظارہ کریں۔

ایک عدد بیضہ مرغ لے کر اس پر درج ذیل عبارت تحریر کریں۔ اس کے بعد بیضہ مرغ کو خشک دھنیا کی دھونی دے دیں اور سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر انڈے کو توڑ ڈالیں۔ عمل کی برکت سے انڈے میں زردی سفیدی کی بجائے تازہ خون نظر آئے گا اس خون سے مریض کی پیشانی پر نشان لگا دیں۔ نظر بد کا اثر فوراً زائل ہو کر مریض تندرست ہو جائے گا۔ عبارت یہ ہے۔

لَنَشَلَخْ مَهَعَلَشْ مَغَلَشَلَخْ بَجَمِيلَشْ مَغَلَشَلَخْ بَجَتَمَلَشْ

مَجَصَلَمَشْ مَلَكَفَخْ مَنَطَشْبَخْ مَنَصَهَنِسَخْ مَعَغَسَمِيْ مَعَلَصَطِ سَطَتُوْا آتِهُوْا مِثَالَ الْعَجَلَ يَكْفُلُهُوْا اِنَّمَا الْعَيْرُ سَبَبَ الْعَجَلَ الْوَحَا السَّاعَةَ الْمُعَنَّهُ الشَّيْطَانَ تَزْجِيْهِ بِمَا يَحَاذِ نَظَرِ وَالْعَيْنِ الْعَامِلِ۔

سحر و جادو کی معجز نما تشخیص اور علاج

جس شخص یا مریض کو اس بات کا شک ہو کہ اس پر سحر و جادو کا اثر ہے تو تشخیص کے لیے عامل اس شخص کو اپنے سامنے بٹھائے اور ذیل کے اسماء کو سات بار تلاوت کر کے اس کے منہ پر پھونکے اور سات بار تلاوت کر کے اس کے دونوں کانوں، ناک کے نتھنوں، دونوں آنکھوں اور اسی طرح سات بار اس کے سینہ پر یعنی مقام قلب پر پھونکیں۔ اور سات بار ہی پانی پر دم کر کے پلائیں۔ سحر جادو کا اثر ہونے کی صورت میں پانی کے حلق سے نیچے اترتے ہی مریض غش کھا جائے گا اور زمین پر لوٹ پوٹ ہونے لگے گا۔ عامل مریض کی اس حالت پر کوئی فکر و اندیشہ دل میں نہ لائے بلکہ مریض کے جسم پر اسماء عمل پڑھ کر پھونکتا جائے۔ کچھ ہی دیر بعد اچانک غشی کا دورہ جاتا رہے گا اور مریض کا دل متلانے لگے گا اور اس کے ساتھ ہی مریض کو قے آنا شروع ہو جائے گی۔ قے کے پانی کو کسی برتن میں جمع کریں اس پانی کو غور سے دیکھنے پر ہر شخص ورطہ حیرت میں گم ہو جائے گا کیونکہ قے کے پانی میں خون کے منجمد ٹکڑے جلی ہوئی راکھ کے ذرات، بوسیدہ اور پھٹے پرانے کاغذات کی صورت میں تعویذات اور غلیظ و مکروہ قسم کا مواد نظر آئے گا۔ قے کا پانی گرم اور جھاگ دار ہوگا۔ جس میں آگ اور دھوئیں کا دبیز سا غبار نمایاں طور پر دیکھنے میں آئے گا۔ مسحور اس وقت تک قے کرتا رہے گا جب تک کہ سحر جادو کا تمام اثر مکمل طور پر باطل ہو کر اس کے جسم سے خارج نہ ہو جائے۔ اس عمل کے نتیجے میں مریض خود بخود ٹھیک

ہو جاتا ہے۔ اور اس پر کئے گئے سحر و جادو کا اثر ہمیشہ کے لئے جاتا رہتا ہے۔ اسماء حسب ذیل ہیں۔ (یہ عمل میرے روزانہ کے معمولات و مجربات میں سے ہے)

آیَا تَعَالُوا کَلِمَۃٌ ھَیَانُوا مَجَنُوا عَظِیمَۃٌ وَیَنُوابِھَا السِّحرِ الکُلِّیَۃِ وَالجُزیَۃِ وَاَمَدُلِیْ مِنَ العَینِ وَالبَلَاءِ تَرَوسَا تَکَزَابِمَا یَلُووقٌ اَعُوذُ مَسِینَنَا مُھِیمَنَا فِی الاَرضِ وَالسَّمَآءِ بَحَقِّ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیمَانَ وَاِنَّہٗ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَلوَحَا العَجَل السَّاعَۃ

تشخیص آسیب و جن

آسیب و جن کی تشخیص کرنے کا طریقہ:

جو اس طرح پر ہے کہ اذراقی یعنی کچلہ کو جلا کر اس کی راکھ میں عرق گلاب شامل کر کے اس کی سیاہی تیار کریں۔ اور ذیل کی طلسماتی عبارت کو اس سیاہی سے کسی صاف سفید کاغذ پر تحریر کریں اس کے بعد اس کاغذ کو بطور تعویذ لپیٹ کر جس مریض کے مرض کی تشخیص کرنا ہو۔ اسکے سر سے پاؤں تک تمام جسم پر سے اتار کر اس کے ہاتھ میں دے دیں۔ اس عمل کے کچھ ہی وقفہ بعد جب تعویذ کو کھول کر دیکھیں گے تو مریض پر آسیبی و جناتی اثرات کا غلبہ ہونے کی صورت میں اس کی تحریر مٹ کر کاغذ پہلے کی طرح بالکل صاف و سفید ہو چکا ہوگا کہ جیسے اس پر کچھ تحریر ہوا ہی نہیں تھا۔ تشخیص کے اس سریع التاثیر مجرب المجرب عمل میں بعض اوقات یہ بات بھی دیکھنے میں آئی ہے کہ عامل عبارت کو ابھی مکمل طور پر تحریر ہی نہیں کر پاتا کہ تحریر کردہ عبارت عمل خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کسی پوشیدہ قوت نے زبان سے عبارت عمل کی سیاہی چاٹ کر رکھ دی ہے۔ عامل جب تک اس عمل کو بجا لاتا رہے گا یہی حیرت انگیز تماشہ دیکھنے میں آئے گا۔ عبارت طلسمات درج ذیل ہے۔

تَعَادِیْشُ تَعَادِیُوشُ نُوشَیَانُو شَیُوشُ تَرشِیَا تَرشِیُوشُ مَمنِیُوشُ کَمیُوشُ طُبَیتَا وِیَا اَھیَ ھَمیَا اَفِیبَ اَفِیبَی کَحَا کَحَا کَشُوکُ قَلُونَقَا اَطَردُوا اَمَلِیخَ مَبِیخَا مَبِیخَا مَبِیخَا یَرمُوا جَیھَیَا اَحَ تَحَ تُوا بَرَمِقَا بَرَھیُوۃ غَیَا قَیَا۔

تشخیص کرنے کا عجیب عمل

یہ عمل اگرچہ طریقہ تشخیص کے اعتبار سے پہلے عمل سے مختلف نہیں ہے لیکن تاثیر کی نوعیت کے اعتبار سے بالکل جدا ہے۔ بلکہ طلسماتی اعمال کی حقیقت کے مشاہدہ کا ایک حیرت انگیز کرشمہ بھی ہے۔ ترکیب عمل میں حکیم قطبی تحریر کرتے ہیں کہ جب کسی مریض کے مرض کی تشخیص کرنا مطلوب ہو تو زعفران و عرق گلاب کی سیاہی سے ذیل کے طلسمات کو کاغذ پر تحریر کریں۔ اس کے بعد اس کاغذ کو تعویذ کی طرح پارچہ حریر یا کسی چمڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر مضبوطی سے سی دیں اور رات کو سوتے وقت مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ یا اس کے بازوئے راست پر باندھ دیں۔ مریض کے جناتی و آسیبی اثرات کے زیر اثر ہونے کی صورت میں دوسرے روز جب وہ صبح کے وقت بیدار ہو کر دیکھے گا تو چمڑے کا ٹکڑا یا کپڑا تو اپنی اصلی حالت میں جوں کا توں ہی موجود ہوگا لیکن اس میں باندھا ہوا تعویذ حیرت انگیز طور پر غائب ہو چکا ہوگا۔ حسب ضرورت جتنی مرتبہ اور جس وقت بھی اس عمل کا آسیب زدہ مریض پر تحریر کیا جائے گا اسی عجیب و غریب کرشمہ کا مشاہدہ عمل میں آئے گا۔ طلسمات کی عبارت یہ ہے۔

اَھُنُوا بِحَا ھُوتِیَا جِیَا تَعزِطَا تُوتِیَا دَحَا اَکرِبَیِ رَحَا تُوشُ ھُوشِ یَا زُوَاج اَصَفُ طَرَاثِ ھَیُوشُ ھَیُوشُ اَرَا نَ دَحَا اَحَ مِنْ الاَرضِ وَلَا السَّمَاءِ وَالبَحرِ وَالبَرِّ وَالجِن وَالاِنس جَرجِیَا حَاجِبَ مَرجِیَا۔

جادو کرنے والے کا نام و پتہ معلوم کرنا

اگر مریض کو شک ہو کہ اس کی بیماری کا سبب سحر و جادو ہے لیکن جادو کرنے والے یا عورت کا نام و پتہ معلوم نہ ہو تو یہ جاننے کے لیے کہ مریض کا مرض قدرتی ہے یا سفلی؟ اور اگر سحری وسفلی قسم کا مرض ہے تو اس بات کا پتہ چلانے کے لیے کہ ساحر کون ہے عورت ہے یا مرد، اپنا ہے یا غیر یا اجنبی۔ تو عامل درج ذیل کلمات کو سات دفعہ تلاوت کر کے مریض کے دائیں ہاتھ کے ناخن پر پھونکے اور ناخن پر سیاہی لگا کر مریض جو دے کر دو کسی صاف کاغذ پر انگوٹھے کو لگائے۔ اس دوران بھی عامل کلمات کا جاپ کرتا رہے۔ مریض کے انگوٹھے کے نشان بغور دیکھنے پر مریض پر سحری وسفلی اثرات ہونے کی صورت میں ساحر عورت یا مرد جو بھی ہوگا اس کی تصویر واضح طور پر ابھری ہوئی نظر آئے گی جسے دیکھ کر مریض بآسانی پہچان سکتا ہے کہ وہ تصویر کس عورت یا مرد کی ہے۔ انگوٹھے کے نشان سے ابھرنے والی اس طلسمی تصویر کی کیمرہ کی مدد سے زیادہ واضح تصویر اتاری جا سکتی ہے۔ کلمات یہ ہیں۔

هَمْ وَظَمْ سُوْرَةٌ قُلْ جماً جَمْ تَمْ خَنظَمْ

تشخیص سحر کا عجیب و غریب عمل

اسمائے ذیل کو پانی پر پڑھ کر سحر زدہ مریض کو پلا دیں اس کے فوراً بعد ایک صاف اور عمدہ قسم کا آئینہ مریض کے سامنے کر دیں اور اسے آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھنے کے لئے کہیں۔ مریض پر سحر و جادو کا عمل ہونے کی صورت میں مریض کو آئینہ میں اپنا چہرہ [illegible] صورت کی بجائے جنّی انسان کے چہرہ کی طرح مسخ شدہ اور سیاہ رنگت کا خوفناک [illegible] دے گا۔ جس سے مریض خوف کھانے لگے گا اور ایک دفعہ آئینہ میں اپنی شکل و صورت کو [illegible]

طرح کریہہ المنظر دیکھ کر دوبارہ آئینہ نہیں دیکھ سکے گا۔ بارہا اس عمل کا میں نے تجربہ کیا ہے۔ اسماء یہ ہیں۔

حَمَا صَوْ صِنَّ غَوْ طَن ظَلاَ غَظ غَفَظ صَاظَا ضَغَظ عَغُوْ خُزِمَتَ مُكبَا مِنَّا فَيَ مَرْوالى رَبِّهِ نَاظِرَةٌ وَوُجُوهٌ يومئذٍ عَ بِرَةٌ وَاِذْ قِدُ واتَ مَدُّ خَصَا صَمِخَنَا رَىَ شِيَفُ عَقَبَا خَرجَ اَمليغَشَا تَمليغَث اَمَالَهْ بَحَقِ هذ. الاَسْمَاءِ مِنَ السِّحرِ اَلُو كُلُ يَاعَبد النَّارِ خزِ فى وُجُوهَكَ وَالنَّوَاصِيكَ وَالاَقْدَامِ مُغَارِ قَا صَط صَوصَيَا صَبو صَرِيَّ بِمَا عِنَا خو طَعَتَا شَالَهَ.

بیماری یا جادو کی تشخیص کرنا

سحر و جادو کا اثر معلوم کرنے کا ایک کامیاب طریقہ تشخیص ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ تشخیص کے اس عمل کے لئے عامل ذیل کے کلمات کا ایک سو ایک بار تلاوت کرے مریض کو دم کرے اور اس کے ساتھ ہی اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کو [illegible] کاغذ پر لگائے۔ اس کے بعد انگوٹھے کو [illegible] مریض پر سحر و جادو کے اثرات ہونے کی صورت میں بحکم خدا مریض کے انگوٹھے کے نشان پر تازہ اور سرخ رنگت سے انسانی خون کا دھبہ نمودار ہو جائے گا جبکہ انگوٹھے کی جلد بالکل صاف ہو۔ عامل جتنی بار اس عمل کو دہرائے گا ہر بار انگوٹھے کے نشان پر خون کا دھبہ واضح طور پر ابھرا ہوا نظر آئے گا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے یقینی طور پر اس عمل سے جادو کی شناخت ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اس طرح عمل کی قوت [illegible] تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

وَنَدُوا يَا أَيُّهَا السِّحْرُ وَالسَّاحِرَةُ مِنَ الدعوات وَالنشرت
مَا كُنْتُونَ مكتا يا فرخس ويشيف خفت خامل فندا كتاب

مِنْ جَمِيْعِ الْأَحْوَالِ وَالْعَقُوْبَاتِ مَا تَرَىٰ لِهَيْبَةِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ
عَنِ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ مَلْعُوْنًا مَدْحُوْرًا يَا كَفْيَائِيْلُ طَامِزْ
دَيَاطَيَائِيْلُ نُفُوْسَنَا مَا اسْتَطَاعُوا اللّٰهُ أَفِسْ أَفَسًا نَفَسًا فِسًا وَمَ
هِيَا نُفُوْسَنَا جَمِيْعُ الْأَزْوَاجِ الْمُؤْذِيْدِ وَالْقِرَانِ السُّوْءِ وَجُنُوْدِ
إِبْلِيْسَ كُلُّهُمْ فِي النَّارِ أَبَدًا.

باب نمبر 2

جادو سے متاثر مریضوں
کا
مجرب ترین علاج

سحر کے چارستون کیا ہیں؟

سحر میں چار عناصر اپنا اپنا الگ اور مستقل وجود رکھتے ہیں۔ان چار حقائق کو سامنے رکھ کر مسحور کا علاج کرنا ضروری ہے۔(۱) ساحر (۲) وہ عمل جو ساحر نے کیا۔کچھ پڑھا یا لکھا اور لکھ کر کھلایا، پلایا، ہوا میں لٹکایا، پانی میں بہایا، زمین میں دفن کیا، آگ میں جلایا وغیرہ۔ اس عمل کو سحر یا جادو کہتے ہیں۔(۳) اس عمل یعنی سحر یا جادو کی وجہ سے جو شیاطین اور سفلی مؤکلات مسحور پر مسلط کیے گئے (۴) اس سحری عمل اور اس سے اٹھنے والے شیطانی مؤکلات کی وجہ سے مسحور کو جو تکلیف اور نقصان ہوا۔

ازالہ سحر کے پانچ ارکان:

جب آپ کو سحر کے چار بنیادی ارکان وعناصر سے آگہی حاصل ہوگئی تو اب یہ سمجھنا دشوار نہیں ہوگا کہ اس کو ختم کر کے مسحور کو اس کی تباہ کاریوں سے نکالنے اور آئندہ اس قسم کے شر سے بچانے کے لئے معالج کو پانچ پہلوؤں پر بڑی چابکدستی، ہوشیاری اور فنی مہارت کے ساتھ نظر رکھنا ہوگی۔

۱۔ معالج کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ اصل سحر کو باطل اور ناکارہ بنادے، جس سے ساری تباہی پھیل رہی ہے۔ جیسے بم ڈسپوزل سکواڈ کسی بم کو ناکارہ کر کے قوم کو اس سے ہونے والی متوقع تباہ کاری سے بچاتے ہیں۔

اگر اصل سحر باطل نہ کیا اور محض اس کے اثرات ونتائج اور مریض کے جسمانی دردوں وغیرہ کا علاج کرتے رہ گئے تو عارضی افاقہ تو ہوتا رہے گا لیکن اصل مسئلہ جوں کا توں رہے گا۔ یہ بالکل ایسا ہی ہوگا کہ کنویں میں کتا گر گیا۔ علماء سے فتویٰ لے کر دوسوڈول

تو کنویں سے نکال لئے مگر کتے کو کنویں سے نہیں نکالا۔ اس طرح تو روزانہ دو سو
دو سو ڈول نکالتے رہیں تب بھی پانی ناپاک کا ناپاک ہی رہے گا۔

۲۔ اصل سحر کو باطل کرنے کے بعد دوسری ذمہ داری عامل کی یہ ہے کہ اس سحر سے اور مسحور پر مسلط ہونے والے تمام شیاطین و مؤکلات کا رابطہ مسحور سے منقطع کرے۔ تاکہ اگر وہ اس کی نظر سے اوجھل ہونے کی وجہ سے بچ بھی جائیں تو مریض کو آئندہ نقصان نہ پہنچا سکیں۔

۳۔ تیسرے مرحلے میں سحری عمل سے پیدا کردہ وہ تمام سفلی مؤکلات کا حتمی اور کلی خاتمہ ہے۔ اور ان کو ختم کئے بغیر مریض کے بارے میں عامل کبھی بے فکر اور مطمئن نہیں ہو سکتا۔ ہاں مریض کو نرخادے تو اور بات ہے۔

سحری مؤکلات گائیڈڈ میزائل کی طرح ہوتے ہیں۔ ان کی جو ڈیوٹی لگ گئی، وہ لگ گئی۔ ان کا کام صرف اس شر کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے جس کی خاطر انہیں مطلوبہ ہدف پر مسلط کیا گیا ہے۔ اس شر کی تکمیل کے سوا وہ کچھ جانتے ہی نہیں۔ نہ ہی وہ اس کے سوا کچھ کر سکتے ہیں۔ اور یہ تکمیل انہوں نے ہر صورت کرنی ہی کرنی ہے۔ اس لئے ان کے خاتمے کے سوا عامل کے پاس کوئی چارہ نہیں۔ کیونکہ یہ جب تک زندہ ہیں، کبھی بھی مسحور کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں۔

۴۔ چوتھے نمبر پر ان شیاطین اور سحری عمل کے نتیجے میں جو اثرات مسحور پر مرتب ہوئے ہیں۔ (وہ بیمار پڑ گیا ہے، اسکا کاروبار تباہ ہو گیا ہے، اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی وغیرہ) ان کا مکمل خاتمہ ہے۔ محض سحر کو باطل کرنے یا سحری مؤکلات یا شیاطین کو ختم کرنے سے جسمانی و روحانی اثرات ختم نہیں ہو جاتے۔ ان کے لئے عامل کو الگ سے توجہ دینی ہوتی ہے۔ اور اگر جادو کی وجہ سے کوئی خاص جسمانی بیماری لگ گئی ہو تو روحانی علاج کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر یا حکیم کا علاج بھی ضروری ہو جاتا ہے۔ روحانی

علاج کا یہ قطعاً مطلب نہیں کہ بیمار صرف اسی سے ٹھیک ہو گا۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ جو بیمار پہلے کسی دوا سے ٹھیک نہیں ہو رہا تھا، اب اسے دوا لگنا شروع ہو جائے گی۔ اور جادو کے ذریعے اس کی شفایابی کے آگے مضبوط دیوار کھڑی کر دی گئی تھی، ہم نے اسے توڑ دیا ہے۔ لہذا اب اسے دوا سے وہ فائدہ ملنا شروع ہو جائے گا جو پہلے نہیں مل رہا تھا۔

۵۔ ان چاروں مراحل کے بعد پانچواں مرحلہ یہ ہے کہ جب سحر اور جادو بھی ختم ہو جائے، اس کے مؤکلات کا بھی خاتمہ ہو جائے اور مسحور پر مرتب ہونے والے اس کے اثرات و عواقب بھی زائل کئے جا چکیں تو اب اس مریض کو کوئی ایسی حفاظتی چیز دی جائے کہ آئندہ اس پر سحر اور جادو کا وار اس طرح نہ چل سکے جس طرح پہلے چلا ہے۔ عام طور پر حفاظت کے لئے تعویذات کا سہارا لیا جاتا ہے اور کاملین کے نزدیک سب سے آخری مرحلہ ہے۔

رجعت و سحر و جادو کا علاج

اگر کسی کا کوئی عمل خراب ہو گیا ہو اور اس کی رجعت و نحوست میں مبتلا ہو یا سحر جادو ٹونہ کی مصیبت میں مبتلا ہو تو تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز کی مداومت سے رجعت عمل اور سحر و نحوست اور بلائے ناگہانی و مصیبت دور ہو گی۔ وہ عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ـ وَبِهٖ نَسْتَعِيْنَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ـ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ـ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ـ

برائے دفع سحر جادو، ٹونہ

اس عمل میں الحمد شریف کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھیں۔ ترک حیوانات کریں۔ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائیں اور گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ کیسا ہی سخت جادو سحر علوی یا سفلی ہوگا دور ہوگا۔ روزانہ پانی پر دم کر کے دینا ہے اس عمل کو کم از کم اکیس دن تک ضرور کریں۔ اگر اثر باقی رہے تو اکتالیس دن تک جاری رکھیں۔

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص مبتلائے سحر ہو تو اس عطائی عمل کو کام میں لائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت یابی حاصل ہوگی۔ ترکیب یہ ہے کہ اس بند کو تین سفید کاغذ پر بروز جمعہ کو لکھے اور تعویذ کو گلے میں سحر زدہ کے باندھے۔ دوسرے تعویذ کو مکان کی چھت میں لٹکائے۔ اور تیسرے تعویذ کو چوکھٹ میں لگائے۔ اور ۳۱ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پینے کے لئے دیوے۔ اور ۲۱ مرتبہ سرسوں کے تیل میں پڑھ کر دیوے اور مالش کرائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر ہر قسم دور بھی ہوگا اور آئندہ کے واسطے بھی بندش ہوگی۔ اور محفوظ رہے گا۔ وہ بند عطائی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بند بند بند بند بجر بند۔ اثر بند، سحر بند، ہر قسم بند، جمیع آفات و بلایات بند، کیا کرایا بند، دیو بند، دشمن بند، ہاتھ بند، دشمن کا پیر بند، دشمن کا دل بند، دماغ بند، بند کے بند، حضرت شاہ مرداں علی مرتضی ،ذرہ بکتر بند سے بند باندھ کر

کیا درویش کے سپرد۔ پھر آنے راہ نہ دیا۔ لاالہ کی کوٹ۔ الا اللہ کی کھائی۔ محمد رسول اللہ کی دھائی۔ العجل العجل العجل۔

اگر کوئی شخص سحر جادو میں مقید ہو تو اس چہل کاف کو ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے دیوے اور اکیس روز پلائے اور تیل سرسوں پر دم کر کے دیوے اور مالش کرادیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفائے عاجلہ و کاملہ نصیب ہوگا۔ سکون قلبی و ذہنی حاصل ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ چہل کاف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكًا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّفِيْ كَبِدٍ۔ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكًا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

اگر کوئی شخص سحر، جادو، ٹونہ، ٹوٹکہ کا شکار ہو یا سحر سفلی کی زد میں ہو یا سحر علوی کا مارا ہو یا سحر بنگالہ کی لپیٹ میں ہو یا کالے جادو سے مسحور ہو یا رجعت عمل میں مبتلا ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر مسحور کے گلے میں باندھیں اور تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات روز تک پلائیں اور تین مرتبہ تیل سرسوں پر پڑھ کر دم کر کے تمام جسم کی مالش کرائیں۔ یہ عمل سات روز تک کریں۔ ان شاء اللہ کتنا ہی سخت سحر ہو یا سحر زدہ قریب الموت ہو یا کیسی ہی کثرت کی گئی ہو یا کتنا ہی طاقتور عمل پڑھا گیا ہو، اس عزیمت کی برکت سے بفضل رب

کر یم سحر زدہ کو صحت کامل اور شفائے عاجل حاصل ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ اُعِيْذُ مسحور کا نام مع مسحور کے باپ کا نام المَعْرُوْفُ بِكَذَا وَكَذَا (اگر وہ کسی دوسرے نام سے معروف ہے تو وہ نام) وَسَائِرَ دَوَابِّهٖ مِنَ الْخَيْلِ اَدْهَمِهَا وَاَشْقَرِهَا وَكُمَيْتِهَا وَاَغَرِّهَا وَمُحَجَّلِهَا وَخُصْيِهَا وَجُنُوْدِهَا مِنَ الْمَشْمَشِ وَالرَّفْسِ وَالرَّمْسِ وَالدَّمْعَةِ وَالرَّضَةِ وَخَفَقَانِ الْفُؤَادِ وَرَعْدِهٖ وَغُرَّةِ الصِّفَاتِ وَالرِّجْسِ وَنَبْعِ الْحَشِيْشِ وَالْحُدَانِ وَوَجَعِ الْجَوْفِ وَالرَّبْوِ فِي الرِّئَةِ وَمِنَ الطُّرْفَةِ وَالصَّدْمَةِ وَالْعِشَارِ وَمِنَ الْحُمْرَةِ وَالْبَخَرِ وَسَائِرِ الْاَعْلَالِ فِي الْبَهَائِمِ رُقِعَتْ عُيُوْنَ السُّوْءِ عَنْهَا فِيْ سَائِرِ جُسُوْمِهَا وَبَشَرِهَا وَلَحْمِهَا وَدَمِهَا وَمُخِّهَا وَعَظْمِهَا وَجِلْدِهَا وَجَوْفِهَا وَعُرُوْقِهَا وَشَعْرِهَا وَوَبَرِهَا وَبَطْنِهَا بِالْاِحَاطَةِ الْكُبْرٰى وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى وَبِكَلِمَتِهِ الْعُظْمٰى مِنَ الْاَمْتِنَاءِ مِنَ الْاَكْلِ وَالتَّعَضُّضِ وَالْاِلْتِوَاءِ وَالضَّرَبَانِ وَمِنْ جَرْحٍ بِالْحَدِيْدِ وَضَرٍّ بِالتَّشَرُّكِ وَحِرَاقٍ بِالنَّارِ وَبِجَلْبٍ وَمِنْ دَفْعِ نِصَالِ السِّهَامِ وَالسِّنَةِ الرِّمَاحِ وَمِنَ الْغَوَامَةِ وَالْوَازِعِ وَضَرْبَةٍ مُوْهِنَةٍ وَوَقْعَةٍ مُوْلِمَةٍ اُعِيْذُهٗ وَرَاكِبَهٗ بِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ جِبْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَا عَوَّذَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهِ الْبُرَاقُ وَبِمَا عَوَّذَ بِهٖ فَرَسَهُ الرَّازَ وَبِمَا عَوَّذَ بِهٖ شَمْعُوْنَ الصَّفَا فَرَسَهُ الطَّمَاحَ وَبِمَا عَوَّذَ بِهٖ مُوْسَى الْكَلِيْمُ فَرَسَهُ الَّذِيْ عَبَرَ فِيْ اَفْرَةِ الْبَحْرِ عَوَّذْتُ هٰذِهِ الدَّابَّةَ وَصَاحِبَهَا وَمَوْضِعَهَا وَمَرْعَهَا وَسَائِرَ مَالِهٖ مِنَ الْكُبَرَاءِ وَالزَّوَابِعَ مِنَ الْهَامَّةِ وَالسَّامَّةِ

وَالْعَيْنِ اللَّامَّةِ وَمِنَ السَّمَاءِ وَالْهَوَامَّةِ وَمِنْ كُلِّ اَذِيَّةٍ سَيِّئَةٍ وَمِنَ الشُّهُوْدِ وَالذُّهُوْرِ وَالرَّدَّةِ وَالْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْمَوْتِ وَصِفَاتِ الشِّفَا بِالْعَقْدِ وَالْعَضْمَةِ وَالْاَسْمَاءِ وَالْاَوْبِئَةِ الْعَيْنِيَّةِ كُتُبِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَجْمَعِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَالِمِ السِّرِّ وَاَخْفٰى بِسْمِ اللّٰهِ الْاَعْلٰى بِاَسْمَائِهِ الْكُبْرٰى فِيْ سَرَادِقِ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ وَفِيْ حُجُبِ مَلَكُوْتِ اللّٰهِ الَّذِيْ يُحْيِي الْاَمْوَاتَ وَبِهٖ رُفِعَتِ السَّمٰوٰتِ وَبِالْاَسْمَاءِ الَّتِيْ اَضَاءَتْ بِهَا الشَّمْسُ وَارْتَفَعَ بِهَا الْعَرْشُ مِنْ سَائِرِ مَا ذَكَرْتُ وَمَا لَمْ اَذْكُرْ وَمَا عَلِمْتُ وَلَا اَعْلَمُ وَرُفِعَتْ عَنْهَا سَائِرُ الْعُيُوْنِ النَّاظِرَةِ وَالْعَادِيَةِ وَالْخَوَاطِرَةِ وَالصُّدُوْرِ وَالْوَاعِقَةِ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

چیز کھلانے والے عمل

عمل ا:

سات بتاشوں پر مندرجہ ذیل عزیمت سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دیں۔ اور روزانہ ایک بتاشہ عصر اور مغرب کے درمیاں مریض کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ سات روز میں مریض کو سحر سے نجات ملے گی۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَهِيًا اَشَرَاهِيًا بِحَقِّ يَا بَاسِطُ وَبِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَبِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَبِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَبِحَقِّ يَا شَمْعُلُوْنِيْ۔

اگر خدانخواستہ مرض میں کسر رہ جائے تو پھر مزید دو ہفتے لگاتار اس علاج کو کریں۔ اس طرح کل تین ہفتے کا علاج ہو جائے گا۔

عمل ۲:

زیادہ مقدار میں کھانے کا آئیوڈین ملا نمک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ جب مریض آئے تو حسب ضرورت نمک اس کو دیں۔ اور مریض چالیس (۴۰) یوم تک متواتر کھانے پینے کی چیزوں میں روزانہ معمولی سادم شدہ نمک ملا کر کھائے۔ ان شاء اللہ جادو سے نجات ملے گی۔ آیات یہ ہیں۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ (البقرہ ۲)

دورانِ علاج مریض حتی الامکان بازار کا کھانا نہ کھائے۔ فروٹ وغیرہ کھا سکتا ہے مگر کوئی ایسا کھانا نہیں کھانا جس میں نمک ڈلتا ہو۔ اسی طرح کسی رشتہ دار یا دوست احباب کے ہاں بھی نمک والا کھانا نہیں کھانا چاہیے۔ یہ ایک خاص رمز ہے جو لوگ کم اثر ہونے کی شکایت کرتے ہیں، ان کو نمک کا مکمل پرہیز کروائیں۔

عمل ۱:

اس تعویز کو مریض اپنے پورے جسم پر پھیر کر آگ لگا دے صبح وشام کا ایک تعویذ جلایا کرے۔ ان شاء اللہ سات یوم یا گیارہ یوم میں اثرات زائل ہو جائیں گے۔

نقش اگلے صفحے پر ہے۔

فرعون	قارون	ھامان	سعیان
نمرود	بے ایمان	ابلیس	بیداد
حدسو	بیداد	ھامان	لمیس الیمین
ترملین	توابلیس	قارون	ترابلیس

عمل ۲:

مسحور کے سر سے لیکر پاؤں کے انگوٹھے تک نیلے سوتی دھاگے کے گیارہ تار ناپ کر ان گیارہ تاروں کی چار تہیں کر لیں۔ اب دھاگے کے سرے پر ایک ڈھیلی گرہ لگائیں اور ایک بار سورۃ الفلق (پ ۳۰) پوری مع تسمیہ پڑھ کر گرہ پر پھونک دیں اور فوراً کس دیں۔ اسی طرح گیارہ گرہ لگائیں پھر دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں دھاگہ جلنے پر اس میں سے بد بو آئے گی۔ جب تک بد بو آتی رہے یہ عمل کرتے رہیں۔ روزانہ ایک بار کرنا ہے۔ آہستہ آہستہ بد بو روزانہ کم ہوگی۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ سحر ختم ہو رہا ہے۔

عمل ۳:

اس نقش کو مریض اپنے جسم پر صبح وشام ملتا رہے۔ صبح شام کو ملنے کے بعد جلا دیا جائے۔ اس کے جلنے سے جادو اور سایہ جل جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

پلانے والے عملیات

یہ عملیات عموماً جسمانی اثر والے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ جیسے بندشِ صحت، بندشہوت، اولاد کی بندش، اولادِ نرینہ کی بندش وغیرہ۔ دوسری بندشوں مثلاً رشتہ کی بندش، کاروبار کی بندش، ترقی کی بندش وغیرہ کی صورت میں زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔

عمل ۱: پانی پہ یہ قرآنی آیات دم کریں: درود ابراہیمی، آیت الکرسی، چاروں قل، درود ابراہیمی۔ یہ سب پڑھ کر ایک بار دم کریں۔ اس طرح اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح وشام پلائیں۔ اور گیارہ (۱۱) روز اس علاج کو جاری رکھیں۔ دم صرف ایک بار کرنا ہے۔ گیارہ دن کا ایک کورس ہوگا۔ اس طرح کے تین کورس کروائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

عمل ۲: گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ المزمل (پ ۲۹) پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ چالیس (۴۰) دن پلائیں اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اگر دور کا مریض ہو تو ایک ہی دم کر کے دے دیں۔ اور اگر قریب کا ہو تو بہتر ہے کہ ہر دس دن بعد دم کریں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ نہار منہ کے علاوہ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پینا ہے۔ اور رات کو سوتے وقت بستر پر بھی چھڑکوانا ہے۔

عمل ۳:

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات کاغذ کے ٹکڑوں پر مع بسم اللہ زعفران و عرق گلاب سے تحریر کر کے مسحور کو دی جائیں تاکہ وہ روزانہ ایک تعویذ پانی میں گھول کر نہار منہ پیا کرے۔ ان شاء اللہ سحر کے بد اثرات مکمل طور پر ختم ہو جائیں گے۔ رات کو پانی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح نہار منہ مریض پیے۔ پھر دن بھر مریض پیتا رہے۔ کھانے میں تھوڑا پانی ملا کر دیں۔ چائے، دودھ وغیرہ میں پانی ملا کر دیں۔ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پلانا ہے۔ نیز رات کو سوتے وقت مریض اپنے بستر پر بھی چھڑکے۔ آیات یہ ہیں۔

قال موسیٰ۔۔۔۔۔۔ کرہ المجرمون (یونس: ۸۱-۸۲)

فوقع الحق بطل۔۔۔ وھٰرون (اعراف: ۱۱۸-۱۲۲)

انما صنعوا کید ا۔۔۔ حیث اتی (طٰہٰ: ۶۹)

پلانے، باندھنے اور تیل ملنے والا عمل

عمل:

روغن کلونجی پر درج ذیل عمل اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مسحور کو دیں وہ روزانہ رات کو اپنے بدن پر معمولی سا روغن لگا کر مالش کرے۔ یہی عمل تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈالیں۔ اور سفید کاغذ پر زعفران کی روشنائی سے لکھ کر عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں۔ اور مریض صبح وشام اکیس (۲۱) یوم تک روزانہ دو گھونٹ پیتا رہے۔ اور اکیس (۲۱) ہی مرتبہ یہ عمل پڑھ کر اس عرق گلاب پر دم کر کے مسحور کو دیں۔ عمل یہ ہے۔

حضرت موسیٰ و ہارون کی لاٹھی، ٹونہ ٹوٹکا کرنے والے کی ٹوٹنے پائی، ساحر پڑے موت کی کھائی، کعبہ کی نظر، بیکار ہوا جادو کا اثر، بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

گھر، جگہ سے جادو ختم کرنے کے اعمال

(دھونی والا عمل):

دھونی دینے کا طریقہ یہ ہے کہ کوئلے دہکا کر لوبان چھڑکیں اور ہوا دیتے ہوئے ہر کمرے میں دھونی دیں علاوہ باتھ روم۔ ہر کمرے میں صرف ایک چکر لگائیں تاکہ پورے کمرے میں دھونی پہنچے۔ باتھ کو دروازہ کھول کر دھونی کو ہوا دے کر باتھ روم کے اندر دھواں کریں۔ اندر نہ جائیں۔

عمل:

لوبان کوٹ یا پیس لیں۔ اس پر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ سورۃ الناس و سورۃ الفلق (پ۳۰) پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی۔ پھر رات کو سارے گھر میں بلاناغہ اکتالیس (۴۱) دن تک دھونی دیں۔

گھر کیلنے والا عمل

کیلیں لگانے کا طریقہ عموماً عاملین کو آتا ہے۔ اگر کسی کو پوچھنا ہو تو کسی سے پوچھ کر پوچھ لیں۔

عمل:

چار ڈھائی انچ کے سٹیل کے کیل لیں۔ ہر کیل پر اول و آخر ایک بار درود شریف اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح چاروں کیلوں کو دم کریں۔ اور ان کو گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ بہتر ہے کہ ایسی ہی چار کیلیں مریض کے کمرے میں بھی گاڑ دیں۔ آیت یہ ہے۔

قال موسی ۔۔۔۔ عمل المفسدین (یونس: ۸۱)

جو لوگ کسی اور کلام یا آیت کے عامل ہیں وہ لوگ اس آیت کی جگہ اپنا عمل پڑھیں کیونکہ یہ بات بارہا میں بتا چکا ہوں کہ اصل عمل وہی ہوتا ہے جو اپنے پاس ہوتا ہے تاکہ پڑھ کر جادو یا جنات کا علاج نہیں ہوتا۔

نہلانے والا خاص عمل

اگر کسی شخص کو آسیب یا جنات خبیثات وجوگین وکفتاران وبیابان وعفریت ونظر کفتاران کا خلل ہو تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے سامنے دیوار پر لگائیں تاکہ مریض کی نظر اس نقش پر پڑتی رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر کفتاران وآسیب وجنات کا اثر زائل ہوگا۔ اور مریض صحتیاب ہوگا مجرب ہے۔

۷۸۶

ابابکر عمر

نعبد اللہ اشراھیا ایاك نعبد

عثمان علی

ونعبد ایاك نستعین

اللہ تعالیٰ آسیب زدہ شخص سے [illegible] حاصل ہوں۔ [illegible]
لیں۔ مجرب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۳۱	۲۸	۲۴
۲۹	۲۳	۱۸	۳۰
۲۲	۲۶	۳۳	۱۹
۳۲	۲۰	۲۱	۲۷

یا اللہ جمیع آسیب وجنات دور شود

برائے دفع آسیب وجنات

اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر چراغ میں جلائیں اور مریض کو سامنے چراغ کے بٹھائیں۔ آسیب حاضر ہوگا، چاہے جلا دیں یا آزاد کر دیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۶۳۲	۱۳۶۳۳	۱۳۶۳۸
۱۳۶۳۵	۱۳۶۳۷	۱۳۶۳۹
۱۳۶۳۶	۱۳۶۴۱	۱۳۶۳۴

یا اللہ جمیع آسیب وجنات سے محفوظ فرما

برائے دفع آسیب وجنات

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۲

۵۲۱۹	۵۲۲۲	۵۲۲۵	۵۲۱۲
۵۲۲۴	۵۲۱۳	۵۲۱۸	۵۲۲۳
۵۲۱۴	۵۲۲۷	۵۲۲۰	۵۲۱۷
۵۲۲۱	۵۲۱۶	۵۲۱۵	۵۲۲۶

یا اللہ جمیع آسیب وجنات سے محفوظ فرما

برائے دفع آسیب وجنات

اگر کسی مکان میں آسیب وجنات کے اثرات ہوں تو پانچ کیل لوہے کی لے کر ہر ایک کیل پر سات سات مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ چار کیلیں مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں اور پانچویں کیل صدر دروازے میں گاڑ دیں۔ ان شاء اللہ مکان ہر قسم کے آسیب وجنات وجمیع بلیات وآفات سے محفوظ رہے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا. فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا. سَقَد سَامِلِ كَسَنَا يَاتُوْيَا عَنَف بِحَقِّ سُلَيْمٰنِ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَام عَلِيْقًا مَلِيْقًا طَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَافِيْ قُلُوْبِهِمْ.

برائے دفع آسیب وجنات

اگر کسی مکان میں آسیب وجنات کا یا خبیث وجوگین وچڑیل وام الصبیان کا سایہ یا کسی شخص کو مذکورہ شے ستاتی ہوں تو اس نقش کو لکھ کر بروز جمعرات تیار کر کے رکھے۔ آسیب زدہ شخص کے گلے میں باندھے اور آسیب زدہ مکان کی دیوار پر لٹکائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب زدہ بھی اور مکان بھی ہر قسم کی بلیات وآفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

ص	اہہ	ط	۲
م	الہو	ع	عرہ
د	مسون	ن	ھود
ج	مسح	مطا	د

یا اللہ جمیع آسیب وجنات سے محفوظ فرما

جس مکان میں اینٹ پتھر آتے ہوں اور اس مکان میں رہنے والے پریشان ہوگئے ہوں تو یہ نقش لکھ کر فتیلہ بنا کر مکان میں جلائے متواتر سات روز تک۔ ان شاء اللہ اینٹ وپتھر کا آنا بند ہوگا۔ اور مکان محفوظ ومامون رہے گا۔ اور مکینوں کو کسی قسم کا خطرہ نہ رہے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یا اللہ جمیع آسیب وجنات دور شود

اگر کسی شخص پر آسیب کا سایہ ہو تو مندرجہ ذیل عزیمت لکھ کر ایک عدد گلے میں باندھے اور دوسرے پندرہ روز تک پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت کامل ہوگی۔

اگر کسی کو سخت آزار آسیبی وجناتی ہو تو اس عزیمت کو پندرہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پندرہ دن تک پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سخت سے سخت آزار سے چھٹکارا ہوگا۔ اگر

کسی شخص کا جسم تمام آسیبی و جناتی علت سے جکڑا ہوا ہو تو پندرہ مرتبہ سرسوں کے تیل پر دم کرے اور تمام بدن پر مالش کرے ان شاء اللہ تمام جسم درست ہوگا۔ [illegible] درد دور ہوں گے۔

اگر کسی مکان میں آسیب کا، خبیث کا، چڑیل و مڑیل کا، [illegible] یا جنات کا [illegible] عزیمت کو پندرہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں [illegible] میں حتی کہ پورے مکان میں چھینٹے دیوے ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب و جنات سے [illegible] یہاں تک کہ سحر سفلی و علوی کے اثرات سے بھی مکان محفوظ رہے گا۔ [illegible] یہ ہے۔

جلیوش مزیوش آزبوش خیوش سلموش مزلهوش
میلومالیس آلیتا روما ذریا فردیا یا اھیون۔

برائے دفعِ آسیب و جنات

آسیب زدہ کے واسطے اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر نیلا دھاگہ لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں تر کر کے آسیب زدہ کو سنگھائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن بھاگ جائے گا اور پھر نہ آئے گا اگر جلانا چاہو تو اس فتیلہ کو چراغ میں جلاؤ تو جو بھی آسیب یا جن ہو گا وہ حاضر ہوگا اور جل کر خاکستر ہو گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت کامل ہوگی۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

فرعون	ابلیس	ہامان	۱۱۳
ابلیس	ہامان	۱۱۳	فرعون
ہامان	۱۱۳	فرعون	ہامان
۱۱۳	فرعون	ہامان	ابلیس

برائے دفعِ آسیب و جنات

اگر کسی شخص کو کوئی جن ستاتا ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر چھری پر چپکا دیں یا چھری پر لکھ کر [illegible] عزیمت [illegible] مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کر کے زمین پر [illegible] [illegible] ان شاء اللہ وہ جن حاضر ہوگا۔ اور [illegible] چوب کا [illegible] مجرب ہے۔ [illegible] یہ ہے۔

یا فتاح بالفتح والفتح لی فتحلک یا فتاح کن فیکون۔
در وجود فلاں بن فلاں حاضر شود

برائے دفعِ آسیب و جنات

اگر کسی مکان میں آسیب یا جنات کا سایہ ہو یا کسی شخص کو کوئی خبیث آسیب جن ستاتا ہو اور کوئی چھٹکارے کی راہ نہ ہو تو اس ترکیب کو کام میں لائے کہ ایک کپڑا پاک صاف لے کر اس کو ہلدی میں رنگے اور چالیس فتیلہ تیار کرے اور ہر فتیلہ پر ۹ مرتبہ اسم اللہ الصمد پڑھے اور ایک فتیلہ روز جلائیں چالیس روز میں ان شاء اللہ تعالیٰ مکان آسیب و جنات کے اثرات سے پاک ہو جائے گا۔ اور آسیب زدہ مریض جس مکان میں سوتا ہو اس مکان میں فتیلہ جلائے اور آسیب زدہ چراغ کی لو میں دیکھتا رہے ان شاء اللہ چالیس روز میں مریض کو مکمل صحت و شفاء حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔

کسی بھی قسم کا مریض ہو آسیبی و جناتی یا سحر سفلی و علوی کا شکار ہو، سحر کی زد میں ہو یا ٹونہ ٹوٹکہ جات میں مبتلا ہو یا کسی جسمانی مرض سے دوچار ہو تو یہ تیل ہر قسم کے مریض پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ سرسوں کا تیل لے کر اول آخر درود شریف ۷۔۷

مرتبہ پڑھے۔ درمیان میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور سورہ ناس کو پوری ۔۔۔ مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ سورۂ ناس میں آخر کا "س" چھوڑ کر پڑھے۔ یعنی

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّا. مَلِكِ النَّا. اِلٰهِ النَّا.

اسی طرح پوری پڑھے اور مریض کے دونوں بھنوؤں پر کان کی چپڑیوں پر ناک کے نتھنوں پر، اور ہتھیلیوں ناخنوں پر اور دل کے مقام پر لگا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض ہر آسیب و جنات سے ہر قسم کے سحر سے، ہر قسم کے دردوں سے چھٹکارا ہو اور مریض کو صحت کامل شفائے عاجل حاصل ہووے۔ مجرب ہے۔

برائے دفعِ آسیب و جنات

اگر کسی مکان میں کوئی جن یا آسیب اینٹ، پتھر پھینکتا ہو یا کپڑوں میں آگ لگاتا ہو تو اس نقش کو خوشخط لکھ کر مکان کی اس دیوار پر لگائے جس سے نقش کا منہ کعبہ شریف کی طرف رہے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مکان ہر قسم کے آسیب و جنات و بلیات و آفات سے محفوظ رہے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

عجج عجج

برائے دفعِ آسیب و جنات

اگر کوئی شخص گم (بیہوش) ہو اور کسی صورت پتہ نہ لگ رہا ہو کہ اس مریض کو علامت آسیب کی ہے یا نہیں تو اس نقش کو مریض کو دھونی دے (چند منٹ تک) اگر آسیب ہوگا تو مریض رونا شروع کر دے گا۔ اگر خبیث و گندے اور پلیدی اثرات ہوں گے تو بھنبھنانا شروع کر دے گا۔ اور اگر جسمانی مرض ہے تو چپ اور خاموش رہے گا۔ یہ جانچنے کیلئے اس نقش کو [illegible] میں جلاوے۔ روئی لپیٹ کر بتی بنا کر سرسوں کے تیل میں روشن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب چیخے گا، چلائے گا اور روئے گا، فریادی ہوگا اور دفع ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

برائے دفعِ آسیب و جنات

جس مکان میں بچہ کی پیدائش کے بارے میں دشواری ہوتی ہو یعنی جلد ہونا دشوار ہو تو اس نقش کو لکھ کر حاملہ کی چارپائی کے سرہانے کی طرف اوپر دیوار پر لگائیں۔ تو ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ و ماں دونوں نظر بد و آسیب و جوگیوں و ثمریان و چڑیلان و نقصان

وام الصبیان کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ اور چھلہ بخیر و عافیت گزرے گا۔ نقش مندرجہ

ذیل ہے۔

۷۸۶

یا جبرائیلؑ — یا میکائیلؑ

١٦٧٩	١٦٨٣	١٦٨٦	١٦٧٢
١٦٨٥	١٦٧٣	١٦٧٨	١٦٨٤
١٦٧٤	١٦٨٨	١٦٨١	١٦٧٧
١٦٨٢	١٦٧٦	١٦٧٥	١٦٨٧

یا اسرائیلؑ — یا عزرائیلؑ

برائے دفعِ آسیب و جنات

اگر کسی مکان میں جنات پتھر پھینکتے ہوں یا اینٹیں ڈالتے ہوں یا کسی بھی قسم کی گندگی پھیلاتے ہوں یا روٹیاں غائب کرتے ہوں یا اور دیگر سامان چراتے ہوں یا مختلف اشیاء میں آگ لگاتے ہوں یا عورتوں سے ہمبستر ہوتے ہوں یا چھوٹے بچوں کو ڈراتے اور تنگ کرتے ہوں اور سونے نہ دیتے ہوں۔ اور کسی بھی صورت باز نہ آتے ہوں تو اس مندرجہ ذیل نقش کو لکھے۔ بروز جمعرات، اتوار، بدھ، جمعہ بوقت صبح ۷ بجے سے ۸ بجے تک دوپہر کو ۲ بجے سے ۳ بجے تک۔ ۱۲ عدد نقش لکھ کر تیار کرے۔ اول روز شام کو فتیلہ نے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ آدھا گھنٹہ روز اور عزیمت مندرجہ ذیل کو ۳ مرتبہ یا سات مرتبہ آرام و سکون سے ٹھہر ٹھہر کر باآواز بلند پڑھے۔ اسی طرح سات روز کرے اور

روز فتیلہ جلائیں۔ دوسرے روز ایک ایک نقش کا تعویذ بنا کر مکان میں چاروں کونوں میں دفن کرے اور پانچواں نقش صدر دروازے میں دفن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جابر و ظالم آسیب و جنات سے وخبیثات سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ اور اہلِ خانہ بفضل ربی ہمیشہ محفوظ و مامون رہیں گے۔ اور اینٹ، پتھر، آگ گندگی وغیرہ کا مکان میں آنا بند ہو جائے گا۔ مجرب و مصدق ہے۔ وہ عزیمت جو چراغ کے پاس بیٹھ کر پڑھی جائے گی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَحْرِقْ اَحْرِقْ اَحْرِقْ این مردود و مطرود وملعون رَاكِهُ دَرْ خانه فُلاں بِنْ فُلاں سَنگ وكُلوخ وخِشت مِی اَنْدازد وَبِحَقِّ مَافِي هٰذَا النَّقْشِ اَبْجَدْ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى ﷺ وَبِحُرْمَةِ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامِ وَبِحَق عَنْ اَسَدُاللّٰهِ الْغَالِبِ وَبِحُرْمَةِ وَبِحَقِّ اِبْرَاهِيْمَ بِنْ محمدرسول الله وَبِحُرْمَةِ اِبْرَاهِيْمَ بِنْ اَدهم بلخی وَبِحُرْمَةِ اِبْرَاهِيْمَ خواص وَبِحَق خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاعِزْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامِ يَاصَاحِبِ النَّارِ وَالْمَوْتِ وَالْقَهْرِ وَبِ قَلْنَامِيْمَ وَيَاسَرَاكِيْتَائِيْل بِحَقِّ اَهْطَمْفَتَدْ اَقْبِضْ وَاَحْرِقْ رَوح كِسے كه سَنگ وكُلوخ مِی اَندازد و اَز نوع مِی اَنْجامد بِحُرْمَةِ صِفاتِ جَلَالٍ وَحَضْرَةِ ذِی الْجَلَالِ وَالْقَهْرِ وَالْقَبْضِ وَالْخَفْضِ وَلَا لَهُ وَبِحُرْمَةِ حُرُوفِ آتِشِى وَبُرُوجِ آتِشِى وَ بِحَقِّ سَاعَةِ الزُّحَلِ وَالْمَرِيْخِ سوخته گردد وشكسته شود وَسَئَلُكَ يَاشَدِيْدَ الْقُوٰى يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ وَيَاذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ يَا قَاهِرُ يَاقَهَّارُ يَاعَزِيْزُ يَاجَبَّارُ يَامُتَكَبِّرُ يَاقَابِضُ يَاخَافِضُ يَامُذِلُّ يَاكَبِيْرُ يَا جَمِيْلُ يَاقَوِيُّ يَامَتِيْنُ يَامُمِيْتُ يَامُنْتَقِمُ يَامُقْسِطُ يَامَانِعُ اَنْ تَدْفَعَ وَتَحْرِقَ ایں بدبخت لعین و لہ

عطرائیل	٧٨٦	عطرائیل
٣٩٠٩	٣٩٠٤	٣٩١١
٣٩١٠	٣٩٠٨	٣٩٠٦
٣٩٠٥	٣٩١٢	٣٩٠٧
عطرائیل		عطرائیل

برائے دفعِ آسیب وجنات

اگر کسی عامل کے پاس کوئی آسیب زدہ آئے تو اس کے داہنے کان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

ان شاء اللہ آسیب بھاگ جائے گا۔ اگر نہ بھاگے تو بائیں کان میں اذان پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور بھاگ جائے گا۔ اگر پھر بھی نہ بھاگے تو سورۂ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی، سورۂ طارق اور سورۂ حشر کا آخری رکوع پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرے اور تین مرتبہ ایک بوتل پانی پڑھ کر دیوے اس پانی کو آسیب زدہ ۲۱ روز تک پیئے۔ ان شاء اللہ کتنا ہی سخت اور زبردست آسیب ہو دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے عامل:

بعد نمازِ فجر و بعد نمازِ عشاء، آیت الکرسی تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے

تمام جسم پر پھیر لے اور ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ اپنے ... ہاتھوں کی ہتھیلیاں بجائے ان شاء اللہ تعالیٰ جادو، بلیات، آفات، تمام نقصانات، جمیع سیاست، جنات، سحر سعدیت سے محفوظ و مامون رہے گا۔ مجرب ہے۔

برائے دفعِ آسیب وجنات

اگر کسی شخص کو آسیب یا جن آزار دیتا ہو تو اس نقش کو بروز جمعہ بعد نمازِ فجر دو عدد لکھ کر رکھیں۔ وقت ضرورت ایک گلے میں باندھیں اور دوسرا ایک بوتل میں ڈال کر رکھیں اور صبح و شام آسیب زدہ کو اس بوتل میں سے پانی پلائیں ان شاء اللہ مریض کو شفائے کامل حاصل ہوگی۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

٧٨٦

٣٩١١	٣٩٠٤	٣٩٠٩
٣٩٠٦	٣٩٠٨	٣٩١٠
٣٩٠٧	٣٩١٢	٣٩٠٥

یا اللہ جمیع آسیب وجنات دور شود

دفعیہ آسیب کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید آزمودہ، کارگر، مجرب المجرب اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا فتیلہ توے کی کالی سیاہی لے کر تین عدد فتیلے بنائیں۔ اب

مٹی کا کورا چراغ لے کر اس میں تیل چنبیلی ڈالیں اور اس تیل کے چراغ میں ایک فتیلہ تازہ روئی میں بتی بنا کر رکھیں اور اس چراغ کو روشن کریں۔ مریض کو اس چراغ کے سامنے بٹھائیں اور مریض کو ہدایت دیں کہ وہ اس بتی کی روشنی میں ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے جب سارا تیل اور بتی جل جائے تو اس چراغ کو حفاظت سے رکھیں اور تین دن کے بعد ایک نئے چراغ میں دوسرے فتیلہ کی نئی بتی بنا کر اس طرح جلائیں اور مریض کو بٹھائیں بعد چراغ جلنے کے اس چراغ کو بھی سنبھال کر رکھیں اس طریق سے مزید تین دن بعد تیسرا چراغ روشن کریں۔ بعد از عمل تینوں چراغوں کو کسی ویرانے یا جنگل میں دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل کی بدولت آسیب جل کر راکھ ہو جائے گا۔ نقش فتیلہ:

٢١	٣٤	٣١	٢٨
٣٢	٢٧	٢٢	٣٣
٢٦	٢٩	٣٦	٢٣
٣٥	٢٤	٢٥	٣٠

پرچہ آسیب — مزاحمت نہ رساند

فلاں ابن فلاں — حاضر شدہ

وسوختہ گردد

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

دفعیہ آسیب

آسیب سے نجات کے لیے ذیل کا عمل تیر بہدف اور آزمودہ ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش توے کی کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس کا فتیلہ بنا کر اس پر نیلے رنگ کا دھاگا اچھی طرح لپیٹ دیں۔

اب نیا کورا چراغ لے کر اس میں روغن کنجد ڈالیں اور اس فتیلہ کی نئی روئی میں بتی بنا کر چراغ میں جلائیں۔ مریض کو ایک گز کے فاصلے پر چراغ کے سامنے بٹھائیں اور مریض کو ہدایت دیں کہ وہ فتیلہ کی جانب دیکھتا رہے۔

نقش فتیلہ:

فرعون	ابلیس	ہامان	شداد
ابلیس	ہامان	شداد	نمرود
ہامان	شداد	نمرود	لعین
شداد	نمرود	لعین	ابلیس

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز چراغ کے بجھنے کے ساتھ ہی آسیب جل کر راکھ ہو جائے گا۔

نوٹ: چراغ کو باہر ویرانے یا جنگل میں دفن کر دیں۔

آسیبی اثرات جو وجود میں داخل ہو کر بیماری کا باعث بنے ہوں ان کو زائل کرنے کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے سفید ریشمی پارچہ پر بنا کر اس پر سورہ مزمل

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۹۲۲۰	۲۹۲۲۳	۲۹۲۲۷	۲۹۲۱۳
۲۹۲۲۶	۲۹۲۱۴	۲۹۲۱۹	۲۹۲۲۴
۲۹۲۱۵	۲۹۲۲۹	۲۹۲۲۱	۲۹۲۱۸
۲۹۲۲۲	۲۹۲۱۷	۲۹۲۱۶	۲۹۲۲۸

جنات کو جلانے کا عمل

ذیل کا عمل بھی جنات کو جلا کر خاکستر کرنے اور ان سے چھٹکارے کے لئے عجیب تاثیرات کا حامل اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش توے کی کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر سات عدد میں تحریر کریں۔ اس نقش کو نئی روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنالیں اور اب نیا کورا مٹی کا چراغ لے کر اس میں روغن زرد ڈال کر اس فتیلہ کو اس میں رکھ کر چراغ کو جلائیں۔

مریض کو چراغ سے ایک گز کے فاصلے پر بٹھائیں۔ سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کے گرد حصار ہو سکے تو چاقو سے باندھیں اور یہ کا چاقو حصار کر۔

[illegible]

اس خاک کو اکٹھا کرکے دریا برد کر دیں۔

نقش فتیلہ:

سوختم جملہ دیویاں، پریاں وگنتاران وجوئیان
وجنات وجنیات آنچہ در وجود مزاحمت بد بد خاکستر گردد
وبحرمت ملیقا ملیقا طیقا انت تعلم مافی
قلوبھم ومافی انفسھم ملیقا ملیقا طلیقا انت
ہر بلا در وجود فلاں بن فلاں باشد سوختن فتیلہ در آمد در
چراغ حاضر شود وگرد رنگ نیابد سوز و خاکستر گردد۔

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اس کے علاوہ ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر ڈال دیں۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۶	۷	۲
۱	۵	یہاں مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں
۸	۳	۴

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ظالم ترین جن جل کر خاک ہو جائے گا اور اس کے ہر قسم کے شر اور ضرر سے مکمل چھٹکارا تا حیات مل جائے گا۔

گھر میں اینٹ روڑے گرنا

بعض گھروں میں جنات کا بہت زیادہ عمل دخل ہوتا ہے اور جب ان کو تنگ کیا جاتا ہے تو ان میں سے بدذات قسم کے جنات ضد میں آکر الٹے سیدھے حربے اختیار کرتے ہیں ان میں سے چند حربے درج ذیل ہیں۔

۱۔ اینٹ، روڑے وغیرہ گھروں میں پھینکنا۔

۲۔ گندگی پھینکنا۔

۳۔ اشیاء گھریلو کو آگ لگانا۔

بہر حال ایسی صورتحال سے نپٹنے کے لیے بے حد حوصلے اور صبر کی ضرورت ہوتی ہے اور اس مخلوق کا ڈٹ کو مقابلہ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ عزوجل کی ذات پر یقین کامل رکھتے ہوئے کسی کامل بزرگ سے ان کے دفعیہ اور ان باتوں سے نجات پانے کی عملاً سعی

بس کی شدید ضرورت ہوتی ہے اور ان کے ذریعے سے یہ تمام مخلوق گھر ... جنگلوں میں جا کر تتر بتر ہو جاتی ہے اور پھر دوبارہ اس گھر کا رخ بھی نہیں کرتی۔

ذیل کے عمل میں بزرگانِ عظام کے آزمودہ نسخے دیے جا رہے ہیں تاکہ علاج معالجہ میں سہولت رہے۔

عمل نمبر ۱۔

ذیل کا عمل اس معاملے میں از حد کارگر اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش نوے کی کالی سیاہی سے کوری مٹی کی ہنڈیا کے ڈھکن پر بنائیں اور اس ڈھکن و ہنڈیا کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر گھر کی چھت سے لٹکا دیں۔ جنات فی الفور چیختے چلاتے اس جگہ کو خالی کر جائیں گے۔ اور دوبارہ اس طرف کا رخ بھی نہ کریں گے۔

اس کے علاوہ سورہ طٰہٰ تین مرتبہ اور سورہ الطارق تین مرتبہ پڑھ کر پانی دم بنائیں اور گیارہ دن یہ پانی سارے گھر میں چھڑکائیں۔

۷۸۶

لمسو	۸	۶	۴
۶	۲	۱۲	۶
۶	۲	۱۲	۶
۶	۳	۱۸	۲

دفع شود کل جنات و خبیثات دفع شود

عمل نمبر ۲:

اگر کسی گھر میں جنات اینٹ روڑے پھینکتے ہوں اور اپنے اس فعل سے [illegible] طریقے سے باز نہ آتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل از حد نافع اور مجرب ہے۔

[illegible]س کے لیے ذیل کا نقش کالی روشنائی سے سفید کاغذ پر بنائیں اس [illegible] میں بھگو دیں حل ہونے پر اس کا پانی گھر میں چھڑکائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ [illegible] ے عمل مسلسل سے اس حرکت خبیثہ سے جنات باز آکر وہ جگہ خالی کر جائیں گے اور [illegible] س طرف کا رخ نہیں کریں گے۔

نقش:

۷۸۶

ف	۲ل م اع	ع	دی
ف	ل	ک	ے
ک	د	م	ق
۵ح ا	ے	بدوح	بدوح

جس گھر میں جناتی کارستانی کے ذریعے خوفناک آوازیں آتی ہوں اور ان سے گھر والوں کا سکون ہمہ وقت برباد رہے تو ان کے اس شر کو دفع کرنے کے لیے ذیل کا عمل

[illegible] مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش باوضو حالت میں سفید کاغذ پر [illegible] تیار کریں اور اس کو گھر میں قبلہ رخ دیوار پر لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ [illegible] ہر قسم کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

بحق جبرائیل یابدوح

۲	۴	۴	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ — بحق عزرائیل یابدوح

بحق میکائیل یابدوح — لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

بحق اسرافیل یابدوح

گھر کو جنات کے عمل دخل سے مکمل پاک کرنے کے لیے ذیل کا عمل از حد کارگر اور نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کیلئے ذیل کا نقش زعفران گلاب و مشک سے سفید گتہ پر باوضو حالت میں بنائیں اس پر سورۂ زلزال گیارہ مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف تقریباً گیارہ، گیارہ مرتبہ

پڑھ کر دم کریں۔ اس کو خوشبو لگائیں [illegible]

بعد میں تین سو پانچ روپے غرباء میں تقسیم کردیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل کی بدولت وہ [illegible] تمام جنات و آسیب بھوت پریت سے پاک ہوجائے گا اور ان کے ہر اقسام کے تمام شر سے نجات کلی مل جائے گی۔

كهيعص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۙ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۚ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۙ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۗ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۗ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۗ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۗ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

۴۲۰۱	۴۲۰۵	۴۲۰۸	۴۱۹۴
۴۲۰۷	۴۱۹۵	۴۲۰۰	۴۲۰۶
۴۱۹۶	۴۲۱۰	۴۲۰۳	۴۱۹۹
۴۲۰۴	۴۱۹۸	۴۱۹۷	۴۲۰۹

جنات، بھوت و آسیب کو بھگانا

[illegible] جنات، بھوت و آسیب کو بھگانے کے لیے [illegible]

[illegible]

[illegible] مفتوحات میں [illegible]

بعد اس پر تین روئی لپیٹ کر اس کی بتی بنائیں۔

بعد میں مٹی کا کورا چراغ لے کر اس میں کالے مار کر کے اس نقش کو بنائیں اور اس [illegible] بتی [illegible]

[illegible] ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز [illegible]

جنات، بھوت، پریت اور آسیب بھاگ جائیں گے اور دوبارہ اس طرف کا رخ بھی نہیں کریں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۰۱۲

لح	محمد	[illegible]
۱۹۲	ق	۱۱۹
ق	۲۰۴	ق
۲۸۸	ق	۷۹
عجیب	عجیب	عجیب

جنات، بھوت و آسیب کو بھگانا

گھروں کو جنات، آسیب، بھوت، پریت سے پاک کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد آزمودہ اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کے نقوش پانچ عدد سبز ریشمی کپڑے پر کاڑھ کر بنائیں ان نقوش کو شیشے کے فریم میں بنوا کر چار عدد نقوش گھر کی چاروں دیواروں پر اور پانچواں گھر کی مرکزی چھت کے اوپر لٹکا دیں۔ ان نقوش کو لٹکانے سے قبل ان کا ہدیہ ایک روپے فی نقش غرباء میں تقسیم کر دیں اور سات فقراء کو کھانا بھی کھلا دیں۔

اس کے بعد پانی اور اگربتیوں پر:

۱۔ اول و آخر درود شریف تنجینا اکتیس اکتیس مرتبہ۔

۲۔ سورہ مزمل گیارہ مرتبہ۔

۳۔ سورۂ ملک گیارہ مرتبہ۔

۴۔ سورۂ جن گیارہ مرتبہ۔

۵۔ سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ۔

پڑھ کر دم کریں۔ روزانہ صبح و شام پانی اکیس یوم تک چھڑکائیں اور سات اگربتیاں رات کو گھر میں سلگایا کریں۔

یہ کام بھی اکیس روز تک کرنا ہے۔ اس لیے اکیس یوم کے حساب سے ایک سو سینتالیس اگربتیاں ایک ہی دفعہ دم کر لیں۔ اکیس یوم کے بعد گھر کے سارے فرش اچھی طرح دھو دیں۔ ان شاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت گھر ہمہ اقسام کے جنات، بھوت، اشرار، اور آسیب و شیاطین کے ڈیرے سے مکمل خالی ہو جائے گا اور ان میں سے کوئی بھی شے اس گھر میں دوبارہ داخل نہ ہو سکے گی۔

گھروں میں خون کے چھینٹے پڑنا

بعض حاسدین دوست نما دشمن جو اپنے کسی بھائی بند کو ہنستا کھیلتا اور خوشحال نہیں دیکھنا پسند کرتے اور وہ گھر کے بھیدی کی حیثیت سے بعض بد و خبیث اپنے عامل سفلی علم سے یہ جادو کرواتے ہیں جس سے سفلی ارواح گھروں میں جس پر خون کے چھینٹے گراتی ہیں جو کسی نہ کسی پرندے یا جانور کا ہوتا ہے۔ خون کے چھینٹے گرانے والے کا نہ تو کسی کو پتا چلتا ہے، اور نہ ہی ان سفلی ارواح کی موجودگی کا علم ہوتا ہے۔

ادھر کمرہ یا گھر کی صفائی کی جاتی ہے، ادھر پھر سے خون کے چھینٹے کسی نہ کسی دیوار، فرش یا کپڑوں پر پڑنے والے نظر آتے ہیں جن سے عجیب و غریب بو آنے لگتی ہے۔ دل متلانے لگتا ہے اور طبیعت یک دم بگڑ جاتی ہے۔ سر درد شروع ہو جاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد اندھیرا چھا جاتا ہے کانوں میں سیٹیاں بجنے کی آوازیں آنا شروع ہو جاتی ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی ان دیکھی قوت جان بوجھ کر انسان کا تمسخر اڑا رہی ہے۔ کبھی جانوروں کے رینگنے کی آوازیں اور کبھی مختلف قسم کے پرندوں کے پھڑپھڑانے کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔

نتیجہ میں گھر والے ایک دوسرے سے مشکوک ہو جاتے ہیں آپس میں غلط فہمیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ گھریلو صورتحال بگڑ جاتی ہے گھر کا سامان بدصورتی کا منظر پیش کرتا ہے۔ طبیعتوں میں چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔ کام کاج سے دل اچاٹ ہو جاتا ہے اور سارا معاملہ بگڑتا چلا جاتا ہے۔ بیزاری کی عجیب سی لہر سارے گھر میں پیدا ہو جاتی ہے جس سے نجات پانا بے حد مشکل ہو جاتا ہے۔

بہرحال ایسی صورتِ حال میں ایمان کی پختگی اور توکل و یقین ذات باری تعالیٰ پر مضبوطی سے قائم رہتے ہوئے ایسی صورت حال کا سامنا کرنا چاہیے۔ احکامِ شرعیہ کی مکمل پابندی کے ساتھ ساتھ ہمہ وقت باوضو رہیں اور نماز پنج وقتہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور حفظ الٰہی

جنات، بھوت وآسیب

گھروں کو جنات، آسیب، بھوت، پریت سے پاک

ازحد آزمودہ و کارگر ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل سے نقوش پانچ عدد بنائیں

بنائیں ان نقوش کو شیشے کے فریم میں ڈال کر چار عدد نقوش گھر کے چاروں

گھر کی مرکزی چھت سے اوپر لٹکا دیں۔ ان نقوش کو بنانے کے بعد

روپے فی نقش غرباء میں تقسیم کریں اور سات فقراء کو کھانا بھی کھلا دیں۔

اس کے بعد پانی اور اگربتیوں پر:

۱۔ اول و آخر درود شریف تنجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ۔

۲۔ سورہ مزمل گیارہ مرتبہ۔

۳۔ سورہ ملک گیارہ مرتبہ۔

۴۔ سورہ جن گیارہ مرتبہ۔

۵۔ سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ۔

پڑھ کر دم کریں۔ روزانہ صبح و شام پانی اکیس یوم تک چھڑکائیں اور سات اگربتیاں رات کو گھر میں سلگایا کریں۔

یہ کام بھی اکیس روز تک کرنا ہے۔ اس لیے اکیس یوم کے حساب سے ایک سو سینتالیس اگربتیاں ایک ہی دفعہ دم کرلیں۔ اکیس یوم کے بعد گھر کے سارے فرش اچھی طرح دھودیں۔ ان شاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت گھر ہمہ اقسام کے جنات، بھوت، اشرار، اور آسیب وشیاطین کے ڈیرے سے مکمل خالی ہو جائے گا اور ان میں سے کوئی بھی شے اس گھر میں دوبارہ داخل نہ ہوسکے گی۔

باب نمبر 5

ام الصبیان سے متاثرہ بچوں کا مجرب ترین روحانی علاج

کی دعا ضرور کرنی ضروری ہے تاکہ ایسے حالات سے بآسانی نجات مل سکے۔

بہر حال بزرگان کا بتلایا ہوا ذیل کا عمل ایسی صورت حال کا شافی اور
ہے۔ بشرطیکہ تھوڑی سی استقامت سے کام لیا جائے۔

عمل: گھر کو ایسی شیطانی سحری کارروائیوں سے پاک کرنے کے لئے ذیل کا عمل
مند اور کارگر ہے۔

دریا پر جا کر الٹے بہاؤ کی جانب سے مٹی کا ایک گھڑا پانی سے بھر کر لے آئیں۔
پھر ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب ومشک سے لکھ کر گھڑے کے پانی میں
دیں اور گھڑے کو ہلکی آنچ پر رکھ دیں۔ ساری رات پانی ہلکی آنچ پر پکتا رہے۔ صبح
س پانی کے چھینٹے مکان کے چاروں کونوں میں، گھر کی چوکھٹ میں اور دیواروں پر چھڑ
دیں۔ بعد ازاں ایک اور نقش بنا کر مکان کی چوکھٹ پر لگا دیں۔ اس کے علاوہ روزانہ
اگربتی پر سورۂ فلق، سورۂ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے گھر میں سلگائیں۔

نوٹ: یہ کام گیارہ روز تک کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل کی بدولت یہ ساری کارروائی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم
ہو جائے گی۔

۷۸۶

۳۴۹۳	۳۴۹۶	۳۴۹۹	۳۴۸۵
۳۴۹۸	۳۴۸۶	۳۴۹۲	۳۴۹۷
۳۴۸۷	۳۵۰۱	۳۴۹۴	۳۴۹۱
۳۴۹۵	۳۴۹۰	۳۴۸۸	۳۵۰۰

یعنی ام الصبیان وہ ذائقہ الخبیث [illegible]

[illegible]

حاضر ہو [illegible] ام الصبیان نہ آئی [illegible]

ام الصبیان کو امان دی [illegible]

ام الصبیان ہی ذات ہے۔ حضرت سلیمان نے آصف بن برخیا [illegible]

ام الصبیان کو حاضر کرو۔ چند ساعت میں آصف بن برخیا نے ام الصبیان [illegible]

میں حاضر ہوا حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار عالی میں آپ کے حضور پیش [illegible]

بڑی ہیبت ناک وخطرناک شکل وصورت کی عورت تھی۔ جس کے [illegible]

کے مانند تھے۔ اس کے بال کھجور کے ریشوں کی طرح تھے اس کے منہ اور نتھنوں سے دھواں نکلتا تھا۔ اس کی آواز گرجدار بادلوں جیسی تھی۔ اس کی آنکھیں بجلی کی طرح چمکتی تھی۔ تو حضرت سلیمان علیہ السلام اس کی ہیبتناک شکل وصورت دیکھ کر خداوند قدوس کی بارگاہ عالی میں سجدہ ریز ہو گئے پھر سر اٹھا کر اس ملعونہ سے فرمایا کہ بتلا تیرا کیا نام ہے؟ اور کیا کام ہے؟ اس نے کہا کہ میرا نام ھمنہ بنت ھمنہ ہے۔ اور کنیت ام الصبیان ہے۔ زمین و آسمان کے درمیان ہواؤں میں رہتی ہوں۔ کام یہ ہے کہ گھروں کو خالی کرتی ہوں۔ قبرستانوں کو آباد کرتی ہوں۔ بچوں کو ہلاک کرتی ہوں۔ اور شکم میں بچوں کو نقصان پہنچا کر ضائع اور اسقاط کرتی ہوں اور بڑے مرد و عورتوں کو مختلف الانواع والاقسام کے اوجاع و امراض و مصیبت

وبا و دختر و فاقہ میں مبتلا کرتی ہوں۔ عورتوں کی گودوں کو بچوں سے خالی کر دیتی ہوں۔ تاجروں کے کاروبار میں دخل انداز ہو کر تباہ و برباد کر دیتی ہوں۔ تیز و تند ہوا میں زہریلا مادہ گھول کر ہرے بھرے کھیتوں کی فصلوں کو برباد کر دیتی ہوں۔ پھلوں کو خراب کرتی ہوں۔ پانی میں زہریلا مادہ پیدا کرتی ہوں۔ اور ہڈیوں کا گودا کھا جاتی ہوں اور ان کا گوشت کھا جاتی ہوں۔ عورتوں و مردوں و بچوں میں سے ان کا انتخاب کرتی ہوں جن کی آنکھیں سیاہ و چہرہ سرخ ہوتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس خبیثہ سے فرمایا "اے ملعونہ! کیا ان تمام وجوہات کے موجود ہوتے ہوئے تیرے ساتھ رعایت کی جاسکتی ہے۔ اور کیا عذاب میں تخفیف کی جاسکتی ہے۔ ناممکن۔ بلکہ تجھ کو سخت سے سخت عذاب دیا جائے گا۔

امت اور بنی نوع انسان کی ہمدردی کے لئے میں تجھ کو قید و بند کی صعوبت میں ڈالوں گا تاکہ بنی نوع انسان تیرے شر سے اور ضرر سے محفوظ و مامون رہے۔ اس پر ام الصبیان ملعونہ نے کہا! "یا نبی اللہ! بیشک آپؑ مجھے ہر قسم کی سزا دے سکتے ہیں۔ مگر مجھے عمر دراز عطا کی گئی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مجھ کو بطور عذاب کچھ لوگوں پر مامور کرتا ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا: اے خبیثہ: بتا وہ کون لوگ ہیں؟ جن پر تجھ کو مسلط کیا جاتا ہے۔ ام الصبیان نے کہا۔ یا نبی اللہ: وہ لوگ ہیں ردی یعنی وہ مرد و عورت جن کے پاس اسم ذات وصفات میں سے کوئی اسم نہ ہو اور آیات آسمانی میں سے کوئی آیت نہ ہو اور جن کے پاس آپ کی خاتم سلیمانی نہ ہو میں ان لوگوں پر مسلط کی جاتی ہوں۔ میں مردوں عورتوں اور بچوں کے جسم میں اس طرح سرایت کر جاتی ہوں جس طرح بدن کے اندر رگوں میں خون دوڑتا ہے۔ اور ہزار ہا رنگ بدلتی ہوں۔ گدھے کی طرح رینگتی ہوں، اونٹ کی طرح اکڑتی ہوں، بھیڑیے اور کتے کی طرح بھونکتی ہوں۔ سانپ کی طرح سیٹی مارتی ہوں اور چیتے کی طرح غراتی ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کوئی وجہ

نہیں کہ تجھ کو سزا نہ دی جائے۔ اور تیرے ساتھ نرمی اور سلوک کا برتاؤ کیا جائے۔ ام الصبیان ملعونہ نے کہا آپ بیشک مجھے معاف کر دینا بہتر ہے۔ لہٰذا میرے ساتھ نرمی اور رعایت کیجئے۔ میرے پاس ایک خاتم ہے وہ میں آپ کو بتلاتی ہوں اور عہد و میثاق کرتی ہوں کہ جس کے پاس یہ خاتم ہوگی میں اس کے پاس نہ جاؤں گی۔ اور کوئی شخص یہ خاتم اپنے پاس رکھے گا تو میں اس کے جسم سے، گھر سے نکل جاؤں گی۔ اور پھر اس کے مکان یا جسم میں دوبارہ نہیں آؤں گی۔ اور میرے پاس سات عہد اور ہیں۔ ان میں سے اگر ایک بھی عہد کسی کے پاس ہوگا تو میں اس کو ہرگز کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچاؤں گی۔ بلکہ اس شخص سے دور رہوں گی۔ اور میرے بارہ نام ہیں۔

(۱) قلقوش (۲) مقوش (۳) ہیلوش (۴) قرقوش (۵) عمروش (۶) ایلاقوش (۷) قمطوس (۸) قوش (۹) مقرقوش (۱۰) ام مسلام (۱۱) ہمتہ بنت ہمتہ (۱۲) اور ام الصبیان۔

میں آپ سے عہد و میثاق کرتی ہوں کہ یہ عہد و میثاق جس کے پاس ہوں گے اور خاتم ہوگی میں ہرگز اس کے پاس سے نہ گزروں گی بلکہ دور رہوں گی۔

عہد اول:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ الَّذِي لَهُ التَّهْيِيْنُ وَالتَّكْبِيْرُ وَالتَّعْظِيْمُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالنُّوْرُ وَالْبَهَاءُ صَادِقُ الْوَعْدِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

جس کے پاس یہ عہد ہوگا میں اس کے پاس ہرگز نہ پھٹکوں گی۔

عہد ثانی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ الَّذِيْ تَجَلّٰى لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مِّنْ نُّوْرِهٖ وَنَظَرَ فَتَدَكْدَكَ مِنْ جَلَالِهٖ

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ ام الصبیان ملعونہ اس سے [illegible] ہوگا۔

عہد ثالث:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ الَّذِیْ اَمْسَكَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلْمُحْيِي الْمُمِيْتُ بَاعِثُ النُّفُوْسِ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ ام الصبیان اس سے دور ہو جائے گی۔

عہد رابع:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَحَقِّ الطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ وَبَحْرٍ مَّسْجُوْرٍ وَحَقِّ خَالِقِ النُّوْرِ وَبَاعِثِ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ وہ ام الصبیان کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

عہد خامس:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ مَنْ هُوَ نُوْرٌ فَوْقَ نُوْرٍ اَنْوَرُ وَنُوْرٌ يُظْهِرُ مِنْ نُوْرٍ وَبِحَقِّ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ الْمَلِكِ الدَّيَّانِ الْمُهَيْمِنِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ الَّذِیْ هُوَ فِیْ كُلِّ مَكَانٍ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا گلے میں یا بازو میں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ربّ احمد [illegible] اکبر، ام الصبیان کے اثرات وشر اور ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا۔

عہد سادس:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ طِبَاقًا بِغَيْرِ عَمَدٍ وَلَا مِغْلَاقَ وَاَبْرَأَ ذِمَّةَ النِّفَاقِ وَيَسَّرَ الرِّزْقَ لِلْخَلَائِقِ ذٰلِكَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ۔

یہ عہد سادس بھی جس شخص کے پاس [illegible] بازو یا گلے میں [illegible] انشاء اللہ تعالیٰ [illegible] ام الصبیان کے شر اور ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا اور اس شخص کے پاس ام الصبیان اپنی جملہ قوتوں اور تمام تر وسیلوں کے ساتھ رسائی حاصل نہیں کر سکے گی۔

عہد سابع:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ السِّرِّ وَمَا هُوَ اَخْفٰى وَحَقِّ كُرْسِيِّكَ وَعَزَائِمِكَ وَنُبُوَّتِكَ وَخَاتَمِكَ مَلَكْتَ بِهِ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَالطَّيْرَ الصَّافَّاتِ وَالرِّيْحَ الْعَاصِفَاتِ۔

یہ عہد سابع بھی جس شخص کے پاس ہوگا وہ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب اور ام الصبیان جو یہ ہیں کلبیان، شمربان، کفتران، دو بیوبان، عفریت و چڑیلان و مڑیلان و دیو، پری وغیرہ کے اثرات بد سے محفوظ رہے گا۔ ہر طرح سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

پھر ام الصبیان نے روبرو حضرت سلیمان علیہ السلام قسم کھائی کہ میں اس شخص کے پاس نہ جاؤں گی جس کے پاس ان عہدوں میں سے کوئی بھی عہد ہوگا۔

بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے وزیر آصف بن برخیا کو بلایا اور فرمایا کہ اس عہد کو لکھ دو۔ آپ کے ارشاد کے بموجب آصف بن برخیا نے لکھ دیا۔ یہ عہد ثامن جامع ہے یہ عہد جس شخص کے پاس ہوگا وہ شخص انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جن و شیاطین و آسیب و دیو، پری وغیرہ کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ اور ام الصبیان کا گذر اس شخص پر نہ ہوگا۔ جس مکان میں یہ عہد جامع ہوگا اس مکان میں ام الصبیان مال کو، اولاد کو، نیز کاروبار کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

عہد ثامن:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حِجَابٌ مِّنَ اللَّعِيْنَةِ الْمَلْعُوْنَةِ اُمِّ

الصِّبْيَانِ وَجَمِيعِ عَفَارِيْتِهَا وَ الْاَعْوَانِ وَمَنْ كَانَ مِنْهُمْ مِنَ الْبَحْرِ وَالرِّمَالِ وَ الْكُهُوْفِ وَالْغِيْطَانِ وَالْاَوْدِيَةِ وَالشِّعْبَانِ وَالطُّرُقَاتِ وَالْمَوَارِدِ وَالْبَوَارِيْ وَالْقِفَارِيْ وَالطَّائِرِيْنَ فِي الْهَوَاءِ وَالْمُسْتَرِقِيْنَ السَّمْعَ مِنَ السَّمَاءِ وَالْغَوَاصِيْنَ وَالْغَطَامِيْنَ وَالْغِيْلَانِ وَالتَّوَابِعِ وَجَمِيعِ الْجِنِّ وَالطَّاغِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ۔ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِعَزَائِمِ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَجَمِيعَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَالْعُهُوْدِ وَحَجَبْتُكُمْ وَطَرَدْتُكُمْ وَاَبْعَدْتُكُمْ عَنْ حَامِلِ هٰذَا كِتَابِيْ وَعَنْ اَكْلِهٖ وَشُرْبِهٖ وَقُعُوْدِهٖ وَمَقَامِهٖ وَنَوْمِهٖ وَيَقْظَتِهٖ حَجَبْتُكُمْ بِاسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَبِخَاتِمِ سُلَيْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

اب طریقہ علاج تحریر کرتا ہوں۔ عقیم مرد وعقیمہ عورت کے بارے میں جو کہ کرام الصبیان، جوگیان، ثمرہان، کفتاران، بیابان کی ایذا رسانی سے عقیم وعقیمہ ہو جاتے ہیں یا سحر کے ذریعہ بستہ کر دیا جاتا ہے۔ مختصر مگر جامع الفاظ میں۔

برائے عقیم مرد

اگر کوئی شخص ام الصبیان یا دیگر جن [illegible] سے عقیم ہو گیا ہو تو اس سے ایسے سات مٹی انجیر لے اور ہر انجیر پر یہ اسماء سات مرتبہ لکھے اور مرد عقیم کو سات روز تک سات انجیر کھلائے انشاء اللہ مرد عقیم بستہ کھل جائے گا۔ خواہ ام الصبیان زدہ یا سحر زدہ ہو۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

ــــ ص سیاد کلوعہ عم عاہ

برائے عقیم مرد

سحر زدہ یا ام الصبیان زدہ مرد بستہ کیلئے مندرجہ بالا جو اسماء لکھے گئے ہیں ان کو [illegible] فولاد کے ٹکڑے پر لکھے اور آگ میں تپائے اور سرخ ہونے پر پانی میں بجھائے۔ سات روز تک اس طرح کر کے پئے انشاء اللہ مرد بستہ کھل جائے گا اور قوت مردانگی حاصل ہو گی۔ اور صاحب اولاد ہو گا۔

برائے زن عقیمہ

اگر کوئی عورت جسمانی طریقہ سے عقیمہ ہو یعنی رحم کے منہ پر چربی کی تہہ جم گئی ہو تو اس عقیمہ کیلئے پھٹکری بھونی (سفید پھٹکری) وصف کرکے دودھ میں ملا کر عورت عقیمہ کو بعد فراغت حیض تین روز تک پلائے۔ صرف ایک پھٹکی روزانہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ زن عقیمہ بار آور ہو گی۔ اور چربی زائل ہو کر نطفہ قرار پائے گا۔ اور صاحب اولاد ہو گی۔ مجرب آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ

مندرجہ ذیل طریقہ بھی اسی عقیمہ کیلئے سودمند ہے۔ جس سے رحم پر [illegible] بدن (رحم) ٹیڑھا ہوگیا ہو تو اس شافہ کو استعمال میں لائے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک مرغی کا [illegible] لے۔ انڈے کو توڑ کر اس کی سفیدی جدا کرے۔ پھر گائے کا دودھ پاؤ بھر خوب [illegible] کر کے انڈے کی سفیدی دودھ میں ڈالے اور پکاتا رہے۔ کچھ دیر بعد یعنی [illegible] ہوجانے کے بعد روئی کے تین ٹکڑے ڈالے اور ایک تولہ شہد اصلی ڈالے اور پکاتا رہے یہاں تک کہ دودھ، شہد، سفیدی اور روئی میں جذب ہوجائے۔ پھر [illegible] ایک شافہ روز صبح کو اندام نہانی میں رکھے۔ شام کو اسے نکال کر طہارت کرے تین دن [illegible] طرح کرے اور روزانہ ہمبستر ہووے اور قبل ہمبستری کے تھوڑی افیم پانی میں گھول [illegible] نہانی پر لیپ کرے بعدہ ہمبستر ہوا کرے انشاء اللہ تعالیٰ زن عقیمہ حاملہ ہووے اور اگر پہلے مہینے حمل قرار نہ پائے تو تین ماہ تک اسی طرح کرے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ

ایک تولہ افیون لے کر اس کو روئی کے دو پھایوں کے درمیان رکھے اور گائے کے دودھ میں خوب تر کرے اور مقام محفوظ پر رکھے۔ خشک ہونے پر باہم ملا کر بیر کے برابر چار گولی تیار کرے۔ حیض سے فراغت کے بعد ایک گولی روزانہ رات کو زن عقیمہ بطور شافہ استعمال کرے۔ پانچویں روز سے شوہر سے ہمبستر ہوا کرے۔ [illegible] تیسرے ماہ تک زن عقیمہ انشاء اللہ حاملہ ہو اور اولاد نرینہ پیدا ہو۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ استقرار حمل

ان ہی عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہے [illegible] چھوٹتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے [illegible] صحبت میں کوئی لطف اندوزی نہیں ہوتی۔ [illegible] ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ پوست بلیلہ زرد چھ ماشہ، پوست بلیلہ چھ ماشہ، آملہ خشک چھ ماشہ، گوند ببول چھ ماشہ، [illegible] اسی طرح تین [illegible] کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ [illegible] گا۔ مجرب ہے۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

ان ہی عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے [illegible] ایسا ان عورتوں کو ہوتا ہے جن عورتوں سے ساتھ مختلف شکلوں میں جنات [illegible] کرتے ہیں۔ ان کا علاج یہ ہے [illegible] گل نوفل [illegible] تولہ۔ اول سب ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کریں [illegible] صبح و شام [illegible] ماشہ [illegible] چنیا گوند ۳ ماشہ، گل [illegible] ۱۱ ماشہ، ان تینوں ادویہ کو باریک پیس کر پانی میں ملا کر شافہ تیار کرے اندام نہانی میں رکھے۔ اس طرح تین [illegible] کرے۔ انشاء اللہ [illegible] کھلنا بند ہو جائے گا۔ اور رحم میں استقرار حمل کی صلاحیت ہو جائے گی مجرب ہے۔

ھودہ ھودہ ھودہ ھو ھنا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَۃ اَلسَّاعَۃ حالت۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

مندرجہ ذیل عزیمت کے پانچ تعویذ بروز اتوار صبح سورج نکلنے سے پہلے لکھے۔ ایک تعویذ عورت کے گلے میں باندھے۔ دوسرا تعویذ مرد کی کمر میں باندھے۔ اور تین تعویذ تین روز تک پینے کے لیے دیں۔ اور تینوں رات مواصلت کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اگر پہلے مہینے حمل قرار نہ پائے تو تین ماہ اسی طرح کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ علی علی علی علی علی علی علی اِلَّا اِلَّا اِلَّا اِلَّا اِلَّا اِلَّا اِلَّا دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ دہ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ الکریمُ

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

مندرجہ ذیل عزیمت کو عروج ماہ میں بروز جمعرات لکھ کر تیار کرے۔ جب زن عقیمہ ایام حیض سے فارغ ہو تو اس عزیمت کا لکھا ہوا تعویذ ایک زن عقیمہ کے گلے میں باندھے اور دوسرا تعویذ زن عقیمہ کا شوہر اپنی کمر میں باندھے۔ اور تین تعویذ تین دن تک روز صبح نہار منہ زن عقیمہ پیئے۔ اور تینوں شب تنہائی اختیار کریں۔ اور مواصلت کریں انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اگر اول ماہ حمل قرار نہ پائے تو تین ماہ اسی طرح کریں انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ وَبِہٖ نَسْتَعِيْنُ

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

مندرجہ ذیل نقش کو بروز اتوار صبح ۶ تا ۷ بجے کے درمیان لکھ کر تیار کرے اور عقیمہ عورت جب ایام حیض سے فارغ ہو تو ایک نقش عقیمہ کی کمر میں باندھے۔ دوسرا عقیمہ کے شوہر کی کمر میں باندھے۔ اور سات نقش روزانہ ایک نقش صبح نہار منہ پلاتے رہیں اور ہمبستر ہوتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے عرصہ میں حمل قرار پائے گا۔ ورنہ تین ماہ اسی طرح کریں۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے اور معمول مطب ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۴۱۵۱	۱
۴۱۵۰	۲	۷	۱۲
۳	۴۱۵۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۱۵۲

اگر کوئی بے اولاد شخص کتنے ہی طریقے علاج کے اپنا چکا ہو اور کسی صورت بھی کامیاب حمل نہ ہو رہا ہو تو وہ اس طریقہ علاج سے فائدہ اٹھائے۔ عجیب التاثیر ہے۔ طریقہ یہ

ہے کہ وہ تو زن عقیمہ ہو اس کا شوہر جمعہ کے روز روزہ رکھیں۔ شکر اور پانی سے روزہ افطار کریں۔ پانی با کل نہ پئیں۔ اگر مرد و عورت پڑھتے ہوئے ہوں تو خود ورنہ اس کام کو انجام دے یعنی بعد مغرب مندرجہ ذیل آیت کو چینی کی پلیٹ میں لکھ کر پانی سے دھو کر ایک ہانڈی میں اس پانی کو ڈالیں اور چوبیس دانہ مٹر کے ان مٹر پر بھی ایک ایک مرتبہ وہی آیت پڑھی جائے جو پلیٹ پر لکھی ہے۔ اب ان مٹر کے دانوں کو اس ہانڈی میں ڈال کر پکائیں جس میں پلیٹ کا پانی ہے یہاں تک کہ پک جائے۔ پھر ایک مرتبہ سورہ مریم ان دانوں پر پڑھ کر دم کر کے عورت و مرد دونوں بعد عشاء کھانے کیلئے دے۔ آدھا، آدھا دونوں کھائیں اور سو جائیں سات رات ایسا ہی کریں اور آپس میں ہمبستر بھی ہوتے رہیں۔ روزہ صرف پہلے دن ہی رکھنا ہے۔ باقی رات مشتری کے پانی میں پکا ہوا مٹر کھاتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم ہوگا۔ و بچہ سلامت رہے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل

یہ عمل مندرجہ بالا عمل سے زیادہ زود اثر ہے۔ اگر سابقہ عمل سے بھی ناکامی ہو جائے۔ تو اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو جمعرات و جمعہ کو دن میں روزہ رکھیں۔ مرد و عورت دونوں روزہ رکھیں۔ شام کو شکر، بادام اور پانی باہم ملا کر شربت تیار کر کے اس سے روزہ افطار کریں۔ بعد نماز عشاء چودہ گری بادام پر اکیس مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں اور سات گری عورت کو اور سات گری مرد کو کھانے کو دیں

دونوں سو جائیں۔ رات کا پچھلا حصہ ... انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اور اولاد نرینہ پیدا ہوں۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمُصَوِّرُ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل

اگر کوئی عورت عقیمہ ہو اور کسی صورت بھی کامیابی حاصل نہ ہو رہی ہو تو اس عمل سے دو دانی میں۔ ڈھائی تولہ دیسی اجوائن لے کر صاف کرے اور اس پر یہ آیت

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ۔

اکیس مرتبہ پڑھے۔ ۷۔ ۷ مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھے۔ پھر قل یاایھا الکفرون ۷ مرتبہ پڑھے۔ پھر سورہ مزمل شریف گیارہ مرتبہ پڑھے، ۷ مرتبہ الم نشرح پڑھے اور اجوائن پر دم کر دے۔ اور اسی طرح اتنی ہی مقدار یعنی ۲ تولہ کالی مرچ پر پڑھ کر دم کرے۔

خوراک: ۲ دانہ اجوائن اور ایک دانہ کالی مرچ روز کھاوے۔ متواتر تین ماہ تک کھاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

جس عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو تو اس عزیمت کے گیارہ تعویذ لکھ کر تیار کر کے رکھے۔ بعد فراغت حیض ایک تعویذ پانی میں دھو کر دودھ میں ڈال کر پلائے۔ بعد نماز مغرب کے گیارہ

روز تک انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اِنْتَ اَنْتَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ۔

اگر کسی عقیمہ عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو

اگر کسی عقیمہ عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو عروج ماہ میں بروز جمعرات ۲۳ تعویذ لکھ کرے۔ ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک تعویذ عورت اپنے گلے میں باندھے اور ایک تعویذ شوہر اپنی کمر میں باندھے۔ اور ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ پانی میں گھول کر عورت پیتی رہے۔ ۲۱ دن تک۔ اور گاہے گاہے مرد و عورت ہمبستر ہوتے رہا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس روز میں حمل قرار پائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل

یہ عمل سہل الحصول اور آسان مگر مجرب اور زود اثر ہے۔ فقیر کا بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔ فقیر کا مشاہدہ ہے اللہ تعالیٰ نے کتنی ہی خالی گودیں بھر دی ہیں۔ اور بے اولادوں کو صاحب اولاد بنا دیا ہے۔

ترکیب یہ ہے۔ کہ جب زن عقیمہ حیض کے ایام سے فارغ ہووے تو اس آیت کو

[illegible]

میں لائے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا ذَا الْعَرْشِ وَالْمِنَّتِ [illegible] یَا رَحْمٰنُ یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل

اسم یَا مُصَوِّرُ کا نقش عددی اور عربی لکھے بروز جمعرات میں لکھے۔ ۲ عدد نقش عددی لکھے اور ایک نقش عربی لکھے۔ جب زن عقیمہ حیض کے ایام سے فارغ ہو جائے تو ایک نقش عددی زن عقیمہ کے گلے میں باندھے باقی نقش عددی ایک روز شام کو [illegible] میں گھول کر چھوارے پر ۳۳۶ مرتبہ یَا مُصَوِّرُ پڑھ کر دم کر کے مرد کو کھلائے۔ اور رات میں دونوں مرد و عورت ہمبستر ہوں۔ پانچ روز یہ عمل جاری رکھیں۔ بعدہ ایک نقش عربی جو پہلے سے تیار ہو اسے زن عقیمہ کی ناف کے نیچے باندھیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ نقش مثلث عربی یہ ہے۔

مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ
مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ
مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ	مُصَوِّرُ

اگر پہلے مہینہ کامیابی نہ ہو تو تین ماہ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ عربی نقش میں [illegible] کے منہ کھلے رکھنا چاہییں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ [illegible] نقش [illegible] فرمائیں۔

۷۸۶

۷۶	۹۰	۸۷	۸۳
۸۸	۸۲	۷۷	۸۹
۸۱	۸۵	۹۲	۷۸
۹۱	۷۹	۸۰	۸۶

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

اگر کوئی شخص اولاد سے بالکل ہی مایوس ہو چکا ہو اور میاں بیوی علاج معالجہ کرا کے تھک چکے ہوں تو وہ لوگ تین دن تک اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ قسمت بار آور ہوگی۔ بحکم الٰہی اولاد نصیب ہوگی۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ مندرجہ ذیل آیت شریفہ کو زن عقیمہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ اور اس کا شوہر بھی اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عرصہ تین دن کے اندر حمل قرار پائے گا۔ اور انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ط وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

مندرجہ بالا آیت [illegible] صاف کرے اور ایک انڈے پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھے اور یہ انڈا بعد نماز عشاء مرد کھائے اور دوسرے انڈے پر یہ آیت وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ۔ لکھے اور اس [illegible] انڈے [illegible] بعد نماز عشاء عورت [illegible] تین دن تک جاری رکھیں۔ اس دوران گاہ بگاہ ہمبستر بھی ہوتے رہیں۔ انشاء اللہ [illegible] خوشی میں بدل جائے گی اور حمل قرار پائے گا اور صاحب اولاد ہوں گے۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

یہ ایک نادر و نایاب عمل ہے جو کہ استاد مکرم کا خاص عطیہ ہے۔ وہ یہ ہے کہ ایک انار لے اور اس کے دانے نکال لے۔ ان کو سامنے رکھ کر سورہ یٰسین شریف پڑھے [illegible] انار کے دانوں پر دم کرتا رہے۔ پوری سورۃ کے پڑھنے کے بعد ایک [illegible] بھرے ہوئے چنے لے کر بچوں کو تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے۔ اور وہ انار کے دانے مرد و عورت تین دن تک صبح و شام [illegible] روزانہ کھائیں۔ تیسرے دن بعد نماز مغرب باقی دانے آدھے آدھے مرد و عورت دونوں کھالیں۔ اور تینوں رات ہمبستر ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ مجرب ہے۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

مندرجہ ذیل نقش معظم کو بروز جمعرات ۷ عدد لکھ کر تیار کرے۔ ایک نقش عورت کے گلے میں باندھے اور دوسرا نقش مرد اپنی کمر میں باندھے، باقی پانچ عدد روزانہ ایک نقش

دودھ میں دھو کر آدھا، آدھا مرد و عورت دونوں پئیں۔ اور متواتر پانچ رات تک ہمبستر ہوتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ مجرب ہے۔

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

۷۸۶

یامنان	یاعلیُّ	یاکافی
یادیان	یامصور	یاقوی
یاباق	یابرھان	یاحنان

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

یہ عمل عقیمہ عورتوں اور عقیم مردوں کیلئے نعمت غیر مترقبہ اور فوائد عظیمہ کا حامل ہے۔ مندرجہ ذیل آیت کو میدے کی مٹھائی پر لکھے اور تنہائی میں بیٹھ کر لکھے تاکہ سوائے زن عقیمہ، زن عقیمہ کے شوہر عقیم مرد، کے کسی اور کی نظر نہ پڑے۔ روزانہ تازہ مٹھائی پر لکھے۔ تین دن تک۔ اگر بنی ہوئی مٹھائی میسر نہ ہو تو اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر دودھ میں گھول کر پئیں۔ تعویذ جمعہ کی رات کو لکھے اور ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد دیں۔ دونوں مرد و عورت پئیں۔ تین روز تک اور روز رات کو جماع بھی کریں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ مجرب ہے وہ آیت یہ ہے۔

يَاۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ

وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيۡرًا وَّنِسَآءً‌ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡ تَسَآءَلُوۡنَ بِهٖ وَالۡاَرۡحَامَ‌ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيۡكُمۡ رَقِيۡبًا۔

اگر صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوں

جن لوگوں کے یہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کے لیے یہ عمل بہت ہی مفید و سعید و زود اثر ہے۔ اس دعا کو بروز جمعرات لکھ کر رکھے اور موم میں لپیٹ کر نئے گھڑے میں ڈالے اور اس میں کنوئیں کا پانی بھر دیں۔ ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد تین روز تک اس گھڑے کا پانی پئیں۔ اور رات میں تنہائی اختیار کریں۔ چوتھے روز گھڑے سے تعویذ نکال کر موم ہٹائیں۔ اور پٹے میں ڈال کر زن عقیمہ کے کمر میں باندھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اور مدت حمل گزرنے پر لڑکا تولد ہوگا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنۡ كُلِّ شَيۡطَانٍ مَّارِدٍ وَّهَامَّةٍ وَاِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ۘ وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ۔ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَهِيًا اَشۡرَاهِيًا بِسۡمِ اللّٰهِ الشَّافِيۡ بِسۡمِ اللّٰهِ الكَافِيۡ بِسۡمِ اللّٰهِ المُعَافِيۡ بِسۡمِ اللّٰهِ خَيۡرِ الۡاَسۡمَآءِ بِسۡمِ اللّٰهِ رَبِّ الۡاَرۡضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِىۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسۡمِهٖ شَيۡءٌ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ پوری۔ وَبِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

آخر تک۔

چھ ماہ گزرنے کے بعد اس آیت کو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ کی کمر میں باندھیں، پورے وقت تک بندھا رہنے دیں۔ جب درد زہ شروع ہو تو کھول کر اس کی ران کے گھٹے میں باندھ دیں۔ بحکم ربی ببرکت اس آیت کریمہ اولاد پیدا ہوگی [illegible] بلیات سے محفوظ رہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى۔ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

عقیمہ عورتوں کے واسطے

ان آیات کو ہرن کی جھلی پر لکھے۔ عروج ماہ میں یا نوچندی جمعرات کو یا دوسری جمعرات کو لکھ کر زن عقیمہ کے گلے میں باندھے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی عرصہ میں زن عقیمہ حاملہ ہو جائے۔ مجرب ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى۔ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا۔

اولاد سے مایوس افراد کیلئے

اگر کوئی شخص اولاد کی طرف سے بالکل ہی مایوس ہو چکا ہو اور تنگ آ کر علاج وغیرہ

[illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل

